بسم اللہ الرحمن الرحیم

آیت قرآن مجید

سجدہ کرنے اور نہ کرنے کی وجہ سے انسان دو ٹولیوں میں تقسیم ہوگئے اور اپنے رب کے بارے میں جھگڑ پڑے، بس جو لوگ نافرمان ہیں اور اللہ کے انکاری ہیں ان کی سزا کے لئے آگ کا لباس ان کے بدن کے ناپ کا تیار کردیا گیا ہے اور ان کے سروں پر کھولتا اُبلتا پانی انڈیلا جائے گا۔

سورۃ الحج، آیت (19)

حدیث مبارکہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ مبارک ہے

ایک شخص کے پاس بہت سے روپے ہوں اور وہ لوگوں میں تقسیم کررہا ہو اور دوسرا شخص اللہ کا ذکر کررہا ہو تو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا افضل ہے۔

بہ روایت حضرت ابوموسیٰؓ (طبرانی)

اوقات نماز۔ ہفتہ 27/اپریل 2024ء۔ 17 شوال المکرّم 1445ھ

نماز	ظہر	عصر	مغرب	عشاء	کل کی فجر
ابتداء	12/24	4/39	6/41	7/51	4/48
انتہاء	4/31	6/33	7/44	4/26	5/46

جمعیۃ علماء کا 3 مئی سے ووٹ شعور بیداری ہفتہ پروگرام

حیدرآباد۔ 26 اپریل (پریس نوٹ) مولانا حافظ پیر شبیر احمد صدر جمعیۃ علماء تلنگانہ و آندھرا پردیش کی زیرنگرانی جمعیۃ علماء تلنگانہ کے اضلاع میں ایک ہفتہ ووٹ کی اہمیت اور اس کی افادیت کے پر (یعنی اس اتوار سے آئندہ اتوار تک) تلنگانہ میں ووٹ شعور بیداری مہم چلائی جائے گی۔ آئندہ نماز جمعہ کے بعد ہر ضلع کے صدر جنرل سکریٹری اور ذمہ داران کو پریس کانفریس میں طلب کر ووٹ کی اہمیت اور اس کی افادیت پر بیان دینگے۔ ریاستی جمعیۃ علماء کی جانب تلنگانہ کے ہر ضلع میں ووٹ آئی ڈی بنانے کا کام انجام دیا گیا اور جمعیۃ کے ذمہ داران ووٹ کی اہمیت کے سلسلہ عوام میں شعور بیدای کا کام کررہے ہیں۔ اس سلسلہ میں اضلاع میں پروگراموں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ریاستی جمعیۃ علماء نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ جمعہ 3 مئی 2024 خطباء اور آئمہ سے گزارش ہے کہ ضلعی سطحی پر جمعہ کی تقاریر میں ووٹ کی اہمیت اور اس کی افادیت کے زیر عنوان خطاب کریں۔ خطبہ سے قبل سنتوں کے وقفہ میں ساری مسجد کے آئمہ سے درخواست ہے کہ تمام مصلیاں کرام سے ووٹ ڈالنے کا عہد لیں۔ ''الفاظ کچھ اس طرح ہو'' میں خود اپنے ووٹ کا استعمال کرونگا، گھر کی خواتین اور بچوں سے ووٹ ڈلواؤنگا' پڑوسیوں سے بھی ووٹ ڈلوانے کی پوری کوشش کروں گا۔ نوجوانوں سے گزارش کی گئی ہے کہ اپنے محلّہ اور علاقوں میں مہم چلائیں اور جمعیۃ علماء کی ووٹ شعور بیداری ہفتہ مہم کا حصہ بنے اور روز آنہ علاقوں کا دورہ کرکے لوگوں کو ترغیب دیں۔ ریاستی جمعیۃ علماء اس سلسلہ میں 28 اپریل بروز اتوار سے 5 مئی اتوار سے ووٹ شعور بیداری ہفتہ پروگرام اس مہم کا آغاز کررہے ہیں۔

میدک کے سینئر قائد بالکرشنا کی گھر واپسی

ٹکٹ نہ ملنے سے ناراض لیڈر دوبارہ کانگریس میں شامل

میدک۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) میدک اسمبلی حلقہ کے سینئر قائد بالکرشنا نے گھر واپسی کی۔ ٹی پی سی سی کے ورکنگ صدر جگاریڈی اور کودنڈا ریڈی کو گاندھی بھون میں میڈم بالاکرشنا کو اسکارف پہنا کر پارٹی میں شامل کیا۔ جگاؤں نے کہا کہ بالاکرشنا نے میدک اسمبلی حلقہ میں کانگریس کو مضبوط بنانے میں کلیدی رول ادا کیا۔ کئی عوامی تحریکیں چلائی۔ انہوں نے کانگریس کارکنوں کی رہنمائی کی۔ کچھ حالات کی وجہ سے اسمبلی انتخابات کے موقع پر انہیں پارٹی چھوڑنی پڑی۔ آج کانگریس کی دعوت پر وہ گاندھی بھون واپس آئے اور کانگریس میں شامل ہوگئے۔ جگاریڈی نے انہیں ان کی کانگریس میں آمد پر مبارکباد دی۔ جگاریڈی اور کودنڈا ریڈی نے بالاکرشنا کو ایم پی انتخابات میں پارٹی کے لیے زیادہ محنت کرنے کا مشورہ دیا۔ بالکرشنا نے کہا کہ وہ پارٹی کی کامیابی کیلئے پوری کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ کانگریس پارٹی میں شامل ہوکر خوش ہیں۔ بالاکرشنا نے واضح کیا کہ 6 ضمانتوں پر عمل آوری کیساتھ ہی عوام کانگریس حکومت سے مطمئن ہیں اور وہ عوام کی مرضی کے مطابق دوبارہ کانگریس میں شامل ہورہے ہیں۔ اس موقع پر کانگریس دیگر قائدین نے بالاکرشن کو مبارکباد دی۔ بالکرشنا جو میدک اسمبلی حلقہ سے ٹکٹ کے دعویدار تھے' ٹکٹ نہ ملنے سے ناراض ہوکر بی آر ایس میں شامل ہوگئے تھے۔ آج دوبارہ کانگریس میں شامل ہوگئے۔ کانگریس ہائی کمان نے پارلیمنٹ انتخابات میں اپنے امیدواروں کو کامیاب کرنے کیلئے ایک سہ رکنی کمیٹی تشکیل دی۔ اس موقع پر کودنڈا ریڈی، مہیش کمار گوڑ کے علاوہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے قائد سابق رکن اسمبلی جگاریڈی کو بھی شامل کیا گیا۔ انہیں ذمہ داری دی گئی کہ ناراض قائدین کو دوبارہ کانگریس میں شامل کریں۔ چنانچہ جگاریڈی نے میدک کے سینئر رہنماء میاڈم بالکرشنا کو زریعہ فون بات چیت کی اور گاندھی بھون طلب کیا جس پر بالکرشنا نے گاندھی بھون پہونچکر کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔

حلقہ پارلیمنٹ ظہیرآباد کے مواضعات میں بی جے پی امیدوار بی بی پاٹل کا روڈ شو

کوہیر۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) حلقہ پارلیمنٹ ظہیرآباد بھارتیہ جنتا پارٹی امیدوار بی بی پاٹل نے کوہیر منڈل کے مواضعات کوتورڈی' کویلی' کوہیر ٹاؤن' بلال پور' منیار پلی' مدری اور دگوال میں آج روڈ شو کیا۔ بی جے پی امیدوار بی بی پاٹل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حلقہ پارلیمنٹ ظہیرآباد کے عوام نے مجھے دو مرتبہ رکن پارلیمنٹ منتخب کرکے آشیرواد دیا جس کے لئے وہ حلقہ پارلیمنٹ ظہیرآباد کے عوام کے مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ تیسری مرتبہ رکن پارلیمنٹ امیدوار کی حیثیت سے عوام کے سامنے پیش ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ پارلیمنٹ ظہیرآباد کی تیز ترقی بی جے پی کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی کی بی جے پی تیسری مرتبہ بھی اقتدار میں آنا طئے ہے۔ انہوں نے لوک سبھا انتخابات میں حلقہ ظہیرآباد سے 13 مئی کو اپنا قیمتی ووٹ دے کر بھاری اکثریت سے کامیاب بنانے کی اپیل کی۔ اس موقع پر جئے پال ریڈی بی جے پی سینئر قائد' گوردھن ریڈی' سبھاش ریڈی' ویدیاناتھ صدر بی جے پی کوہیر منڈل' کشٹیا سابق صدر بی جے پی کوہیر منڈل' آفسر احمد بی جے پی قائد کے علاوہ سینئر قائدین و کارکنوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔

ورنگل میں اتوار کو' آفٹر ٹینتھ اینڈ انٹرمیڈیٹ' اویرنیس پروگرام

ورنگل۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) محمد سردار ڈائرکٹر شاہین کالج ورنگل کے بموجب شاہین جونیر کالج ملگ روڈ ورنگل کی جانب سے 28 اپریل اتوار کو 30-5 بجے شام، بمقام آبنوس فنکشن ہال ایل بی نگر ورنگل میں ایس ایس سی اور انٹرمیڈیٹ کے بعد کیا؟' سے متعلق ایک معلوماتی (اویرنیس) پروگرام کا انعقاد عمل میں لایا جارہا ہے۔ دسویں جماعت میں پاس ہونے والے طلباء و طالبات کے مستقبل کے متعلق ماہرین تعلیم جی رتیا پرنسپل، ایم سلیم ایم ٹیک پی جی ڈی آئی بی، آئی آئی ٹی مدراس، واداسری موتم ایم ایس سی کمسٹری (HON) آئی آئی ٹی منڈی ایچ پی، ڈاکٹر یو طاہرہ ایم ایس سی پی ایچ ڈی، این آئی ٹی ورنگل اور دیگر ماہر تعلیم خطاب کریں گے۔ انہوں نے تمام لوگوں بالخصوص والدین سے خواہش کی ہے کہ وہ اپنے بچوں اور رشتہ داروں، دوست واحباب کے ساتھ شرکت کریں اور بچوں کے مستقبل سے متعلق مفید معلومات حاصل کریں۔

ٹورس اینڈ ٹراویلس
روبرو مسجد لیسن' سید علی چبوترہ۔ حیدرآباد
محرم الحرام اسپیشل
عمرہ گروپس
15 ایام، 20 ایام، 30 ایام
ہر ہفتہ دو گروپس کی روانگی۔ ان شاء اللہ
حرمین الشریفین سے پیدل فاصلہ پر قیام کا انتظام
9346156676-8886227458-9542478377

اعلان داخلہ
مدرسۃ اسلامیۃ عربیۃ سراج العلوم حشمت پیٹھ سکندرآباد
بحمداللہ 49 سال سے دینی تعلیمی خدمات انجام دے رہا ہے۔
شعبہ حفظ و ناظرہ اور شعبہ عالمیت میں اول تا ششم داخلے جاری ہیں
ادارہ ہذا ریاست تلنگانہ کا ایک قدیم ممتاز بافیض ادارہ ہے جسے جید علماء متدین اساتذہ و قراء، حفاظ کی خدمات حاصل ہیں۔
اوقات داخلہ: صبح 9 تا 12 بجے دن
شرائط داخلہ
طالب علم اور سرپرست کا آدھار کارڈ لازمی ہے
نیز طالب علم کی تین 3 عدد پاسپورٹ سائز فوٹو
امتحان داخلہ میں کامیابی ضروری ہے مدرسہ میں کوئی تعلیمی فیس نہیں لی جاتی ہے
* رہائش کے لئے بہترین عمارت اور ممکنہ سہولیات میسر ہیں
* حفظ و شعبہ عالم میں معقول وظیفہ بھی دیا جاتا ہے
طالب علم کی عمر 11 سال ہونا ضروری ہے
محنتی اور ذوق و شوق رکھنے والے طلبہ ہی رجوع ہوں
طالبات کیلئے غیر دارالاقامہ میں پردے کے ساتھ ناظرہ اور شعبہ عالمیت میں اول تا فضیلت معیاری تعلیم کا نظم ہے
20۔ شوال سے قبل تمام قدیم طلبہ داخلہ لے لیں۔
رابطہ کریں منجانب شعبۂ نشر و اشاعت مدرسہ ہذا
مولانا محمد صابر خان صاحب قاسمی منتظم مدرسہ 9440487998, 8919876415
حافظ مرغوب عالم ناظم مدرسہ 9348007000
ZEESHAN ADVT.

کانگریس کی 6 گارنیٹوں پر عمل کا دعویٰ جھوٹا: ہریش راؤ

میدک میں سابق وزیر کا روڈ شو' چیف منسٹر اور بی جے پی امیدوار پر تنقید

میدک۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) سابق وزیر ہریش راؤ نے میدک میں روڈ شو کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میدک میں 25 سال سے گلابی پرچم لہرا رہا ہے۔ کوئی دوسرا جھنڈا نہیں ہے۔ میدک ضلع گلابی پارٹی مرکز ہے اور بی آر ایس پارٹی کی پارلیمانی انتخابات میں بھاری اکثریت سے کامیابی یقینی ہے۔ انہوں نے ریونت ریڈی کے حالیہ دورہ میدک کے دوران کئے گئے تبصروں پر پلٹ وار کرتے ہوئے کہا کہ ریونت ریڈی نے پوچھا کہ کے سی آر نے 10 سال تک اس ''بچے للّی پٹ'' نے کیا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہی وہ کے سی آر ہے جس کی وجہ سے میدک کو ضلع کا درجہ دیا گیا۔ اندرا گاندھی اگر یہاں سے ایم پی کیلئے منتخب ہوئیں تھیں تو انہوں نے میدک کی ترقی کے لئے کیا کیا ہے۔ ریونت کو میدک کی ترقی کے بارے میں بات کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ کے سی آر نے جدید اضلاع کی تشکیل عمل میں لائی اور میڈیکل کالج قائم کئے۔ کے سی آر نے خوبصورت 4 ٹریک سڑک بنائی۔ بانڈ پیپر پر ریونت ریڈی نے لکھا ہے کہ ایک 100 دن میں 6 ضمانتوں پر عمل درآمد ہوگا اور اس طرح بانڈ پیپر کو بدنام کیا گیا۔ مذہبی جذبات کو سیاست کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کس کو ووٹ دیتے ہیں، وہ آپ پر یقین نہیں کرتے۔ 6 ضمانتوں پر عمل درآمد نہیں ہوا جبکہ وہ کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے کیا۔ اس وزیر اعلیٰ کو میرے قد کا جنون ہے لیکن کسانوں کے مسائل کی فکر نہیں۔ 200 سے زیادہ کسانوں کی موت ہوگئی۔ 30 آٹو ورکرز ہلاک ہوگئے۔ چیف منسٹر نے ان کے افراد خاندان کو پرسہ تک نہیں دیا۔ دہلی کے دوروں کیلئے ان کے پاس وقت ہے۔ انہوں نے بی جے پی امیدوار پر بھی تنقید کی اور کہا کہ بی جے پی کے رگھونندن کی باتوں پر یقین کرنا خشک کنویں میں کودنا ہے۔ بی جے پی نے کسی کمیونٹی کو فائدہ نہیں پہنچایا۔ ریونت ریڈی کا کہنا ہے کہ اضلاع زیادہ ہوگئے ہیں۔ وہ کیا کہہ رہے ہیں شاید انہیں ان اضلاع کے بارے میں کچھ علم ہے یا نہیں؟ ہمیں ایک اچھا امیدوار ملا ہے۔ وینکٹ رامی ریڈی کو بھاری اکثریت سے جیتنا چاہئے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بی آر ایس امیدوار وینکٹ رام ریڈی کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریں۔ اس موقع پر دباک ایم ایل اے کتہ پربھاکر ریڈی، سابق ایم ایل اے پدما دیویندر ریڈی، موجودہ نرساپور ایم ایل اے سنیتا لکشما ریڈی، ایم پی امیدوار وینکٹ رام ریڈی کے علاوہ دیگر نے بھی خطاب کیا۔ اس روڈ شو میں بی آر ایس قائدین اور عوام کی کثیر تعداد شریک رہی۔

FLOOR TILES
& BATH FITTING
WHOLESALER
Double Charged, Digital Virtified, Wall & Kitchen 2x2, 2x4, 18x12, All sizes available@Wholesale Price
TILES MART
Ph: 8008718102
(Yousuf Ads)

بی جے پی پر نظام آباد کی پر امن فضاء کو مکدر کرنے کا الزام

کانگریس قائدین کی پولیس کمشنر سے شکایت' خاطیوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

نظام آباد۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) کانگریس پارٹی کے اقلیتی قائدین کے ایک وفد نے جو سینئر کانگریس قائد سید نجیب علی ایڈوکیٹ، محمد ہارون خان کارپوریٹر، ایم اے فہیم سابق ڈپٹی میئر، مجاہد خان، مصباح الدین، اشفاق احمد پاپا خان، سابق کارپوریٹرس محمد اختر ہمیر احمد قائد کانگریس پر مشتمل تھا' کمشنر پولیس کملیشور سے اُن کے چیمبر میں ملاقات کرتے ہوئے نظام آباد اور نواحی علاقوں میں فرقہ وارانہ منافرت پھیلانے' پُر امن فضاء کو مکدر کرنے اور امن وامان میں خلل ڈالنے فرقہ پرستوں کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان واقعات کا سخت نوٹ لینے اور امن وضبط کی برقراری کیلئے ان عناصر کی سرگرمیوں کو آہنی پنجہ سے کچل دینے کا مطالبہ کیا۔ وفد نے بتایا کہ رام نومی کے موقع پر شہر کے مرکزی مقام پر واقع مسجد کھمیاں اور سارنگ پور مسجد کے میناروں اور حصار پر تصویر کوڈ یموگرافی کے ذریعہ زعفرانی پرچم لہراتے ہوئے سوشیل میڈیا پر وائرل کیا گیا جس سے مسلمانوں کے جذبات کو شدید ٹھیس پہنچی۔ وفد نے کمشنر پولیس سے کہا کہ سوشیل میڈیا کے استعمال کے ذریعے اسطرح کی تصاویر کو وائرل کرتے ہوئے منصوبہ بند انداز سے ماحول کو خراب کرکے انتخابات کے موقع پر سیاسی مفادات کی تکمیل کی کوشش کی جارہی ہے۔ یہ کوششیں فرد واحد کی نہیں ہے۔ اس کی جامع تحقیقات کی جائیں اور اس پر منصوبہ بند سازش کو ناکام بنانے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔ وفد نے 4 یوم گزرجانے کے باوجود خاطی عناصر کی عدم گرفتاری پر بھی تاسف کا اظہار کیا اور کہا کہ پولیس کو ان معاملات میں سرعت کے ساتھ اقدامات کرنے اور انہیں بے نقاب کرنے کی ضرورت ہے۔ وفد نے بتایا کہ نظام آباد کمشنریٹ کے حدود میں مختلف منڈلوں اور نواحی علاقوں میں اس طرح کی حرکتیں کی جارہی ہیں۔ بعض مقامات پر مساجد کی بیحرمتی کرنے' گلال پھینکنے اور پرچم لگانے کے واقعات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا اور بتایا کہ کسی بھی واقعہ پر پولیس کو اطلاع ملتے ہی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ وفد نے نظام آباد رکن پارلیمان ڈی اروند کے مسلمانوں سے متعلق منافرت پر مبنی ریمارکس کرنے کا بھی ازخود نوٹ لینے اور ان بیانات پر ان کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ وقفہ وقفہ سے مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کررہے ہیں تاکہ فرقہ پرستی کے ذریعے اکثریتی طبقہ کو متاثر کرتے ہوئے انتخابات میں کامیابی حاصل کرسکیں۔ وفد نے کمشنر پولیس سے درخواست کی کہ وہ حالیہ عرصہ میں اُن کی جانب سے پوسٹ کی گئی تقاریر کا جائزہ لیں اور اُن کے خلاف قانونی کارروائی کریں تاکہ مسلمانوں میں پائی جانیوالی تشویش اور بے چینی کا ازالہ ہوسکے۔ قلعہ نظام آباد کے بیرونی باب الداخلہ پولیس پیکٹ کی موجودگی کے باوجود دوسری مرتبہ زعفرانی رنگ کئے جانے پر وفد نے تاسف کا اظہار کیا اور بتایا کہ اس گیٹ سے مشترکہ راستہ مسجد اور قلعہ قبرستان کو جاتا ہے۔ اگر اس معاملہ کو معمولی مسئلہ سمجھ کر چھوڑ دیا گیا تو مستقبل میں یہ مسئلہ سنگین نوعیت اختیار کرسکتا ہے۔ کمشنر پولیس نے بتایا کہ پولیس نے ازخود اس واقعہ کا نوٹ لیا ہے اور اس پر پولیس نے ازخود کیس درج کیا ہے۔ انہوں نے تیقن دیا کہ دوبارہ اس طرح کے واقعات کی روک تھام کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

ملیریا کی روک تھام کے اقدامات' نظام آباد میں شعور بیداری ریالی

نظام آباد۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) ملیریا کے عالمی دن کی مناسبت سے مقامی ونایکا نگر اربن ہیلتھ سنٹر کے علاقہ میں ضلع طبی اور محکمہ صحت کے نیشنل سنٹر فار کنٹرول آف انسیکٹ بورن ڈیزیز کے زیر اہتمام ضلع سطح کی ملیریا بیداری ریالی نکالی گئی۔ شعور بیداری ریالی کے ذریعہ ملیریا کنٹرول کے حوالے سے نعروں کے ساتھ گلیوں سے گذاری گئی اور بعد ازاں ٹاؤن ہیلتھ سنٹر میں ملیریا سے متعلق آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ میڈیکل اینڈ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایم سدرشنم نے کہا کہ اس سال ڈبلیو ایچ او کی طرف سے دیا گیا نعرہ زیادہ مساوی دنیا کے لیے ملیریا کے خلاف مہم کو تیز کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 قسم کی بیماریاں 3 قسم کے مچھروں سے پھیلتی ہیں۔ ان میں ملیریا، ڈینگی، چکن گونیا انسیفلائٹس اور بوڈا کالو شامل ہیں۔ لیکن گزشتہ سال سے اب تک ضلع میں ملیریا کا ایک بھی کیس درج نہیں ہوا ہے۔ اس کی وجہ اردگرد کی صفائی، دیہی ترقی، شہری ترقی جیسے پروگراموں کا انعقاد، ہر جمعہ اور منگل کو خون جمع کرنا اور اسی طرح کے پروگراموں کا انعقاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصاً ملیریا سے بچاؤ کے لیے مچھروں کی افزائش روکنا اور مچھروں کے کاٹنے سے بچنے کے لیے ذاتی اور خاندانی احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے۔ مچھردانی کا استعمال، گھر کے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا، اس بات کو یقینی بنانا کہ گرد میں پانی کھڑا نہ ہو۔ ایک بار استعمال ہونے والے پلاسٹک کے تھیلوں، کپوں، ٹائروں، پرانی بالٹیوں، گرتوں، ناریل کے چھلکے وغیرہ میں پانی جمع ہونے نہ دیں۔ معاشرہ کے حوالے سے اٹھائے جانے والے اقدامات کے ایک حصے کے طور پر، وہ اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ دیہاتوں اور رہائشی علاقوں میں سیوریج کھڑا نہ ہو، اسے ہٹادیں، بیماریاں ہونے پر مقامی ہیلتھ ورکرز سے رابطہ کریں۔ کیڑوں سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے کنٹرول کے ڈائریکٹر ڈاکٹر تو کارام راٹھوڑ نے کہا کہ ضلع میں فیلڈ لیول پر عملہ ہر گھر جا کر بخار میں مبتلا مریضوں کی نشاندہی کرتا ہے اور انہیں ملیریا سے متعلق علامات کے بارے میں بتاتا ہے۔ بتایا کہ ضلع میں ماضی میں اور موجودہ وقت میں ملیریا پر قابو پانے کے کس قسم کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

زیر التواء مقدمات کی آپسی رضامندی سے یکسوئی کا مشورہ: نارائن پیٹ ڈسٹرکٹ جج عبدالرافع

نارائن پیٹ۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) عوام کو لوک عدالت سے استعفادہ حاصل کرنے کا مشورہ نارائن پیٹ ضلع لیگل سروس اتھاریٹی چیرمین و ڈسٹرکٹ سیول جج محمد عبدالرفع نے ڈسٹرکٹ کورٹ کامپلکس میں منعقدہ کورڈنیشن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے دیا۔ اس موقع پر انہوں پولس عہدیدران کو 8 جون کو منعقد شدنی لوک عدالت کو کامیاب بنانے کیلئے کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا گر فریقین لوک عدالت سے فائدہ اٹھائیں تو مقدمات کا جلد فیصلہ ہوجائیگا، اور لوگوں کو انصاف ملے گا۔ انہوں نے پولس عہدیدران سے ضلع کے تحت تمام 14 پولس اسٹیشنوں میں زیر التوء دیوانی، فوجداری، سائبر کرائم، ہٹ اینڈ رن کیسز کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے زیر التواء معاملات سے جلد نمٹانے کا حکم دیا۔ مستقر نارائن پیٹ و اطراف کے پولس اسٹیشن کے زیر التوء 6500 کیسس کے معاملات کو لوک عدالت کے ذریعہ حل کرنے کا مشہورہ دیا۔ ڈی ایس پی لنگیا نے تیقن دیا کہ وہ 8 جون کو منعقد شدنی لوک عدالت سے قبل 80 تا 90 فیصد معاملات کو حل کرنے کیلئے موثر حکمت عملی ترتیب دیتے ہوئے لوگوں کو خوشی سے معاملات کو حل کرنے کی ترغیب دینگے۔ اس موقع پر جسٹس جی سرینواس، محمد عمر، سید ذکیہ سلطانہ، لیگل ایڈ ڈیفنس کونسلز کے لکشمی پتی، ناگیشوری' پبلک پراسیکیوٹر، سریش کمار، بالپا، وجے سریدھر اور پولس افسران اور اہلکار موجود تھے۔

انٹرمیڈیٹ طالبات کی امتیازی کامیابی

رکن اسمبلی پرینکا ریڈی کی جانب سے نارائن پیٹ میں تہنیتی تقریب

نارائن پیٹ۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) انٹرمیڈیٹ امتحانات میں امتیازی نشانات حاصل کرنے والے طالبات کو رکن اسمبلی نارائن پیٹ ڈاکٹر چٹم پرنیکا ریڈی نے سی وی آر بھون میں ملاقات کرتے ہوئے مبارکباد پیش کرکے ان کی شال پوشی کی۔ مستقر نارائن پیٹ سے تعلق رکھنے والی طالبات لہاریکا، پوشل انیا اور ماہاتری شی نے انٹرمیڈیٹ امتحانات کے سال اول کے سالانہ امتحانات میں 470 کے مجملہ 467 نشانات حاصل کرتے ہوئے ضلع میں اول مقام حاصل کیا۔ اس موقع پر رکن اسمبلی ڈاکٹر چٹم پرنیکا ریڈی نے کہا کہ کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ ہم اسے اپنی زندگی کا مقصد بنائیں اور اس کے حصول کیلئے تمام مشکل حالات کا مضبوطی سے مقابلہ کریں اور مقصد کو حاصل کرنے تک مسلسل کوشش کرتے رہیں۔ تب ہی ممکن ہے کہ ہم کامیابی حاصل کرسکیں۔ انہوں نے طالبات کو مشہورہ دیا کہ مستقبل میں بھی سخت محنت کرتے ہوئے اپنا، اپنے والدین کا اور اپنے شہر کا نام روشن کریں۔ انہوں نے اپنی نیک خاہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ سابقہ ضلع مارکٹ کمیٹی چیرمین بنڈی وینو گوپال، راوندر ریڈی، یم ڈی سلیم وارڈ کونسلر، وینکو گوڈ محمد معین الدین، اور حسن الدین و دیگر موجود تھے۔

انٹر میں بہتر مظاہرہ کرنے والی طالبات کو تہنیت

کڈیم فاؤنڈیشن کی جانب سے تعاون کا تیقن

ورنگل۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) حال ہی میں جاری کئے گئے انٹرمیڈیٹ نتائج میں ریاستی سطح پر بہتر مظاہرہ کرنے والے دھرما ساگر گورنمنٹ کالج ورنگل کی طالبات ریشیکا 470/466 (MPC)، سواتیکا 440/437 (BiPc)، منوجنا 470/461 (MPC)، آروری سومیا 440/423 (BiPC) کو اسٹیشن گھن پور ایم ایل اے و سابق ڈپٹی چیف منسٹر کڈیم سری ہری، حلقہ پارلیمنٹ ورنگل کی کانگریس ایم پی امیدوار ڈاکٹر کڈیم کاویا نے کڈیم کاویا فاؤنڈیشن کی جانب سے تہنیت پیش کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر کڈیم سری ہری، کڈیم کاویا نے کہا کہ خانگی کالجس میں تعلیم حاصل کرنے والوں کے مساوی سرکاری کالجس میں تعلیم حاصل کرنے والی طالبات بھی بہتر مظاہرہ کرنے پر خوشی ہورہی ہے۔ مستقبل میں اعلی تعلیم حاصل کرتے ہوئے آگے بڑھنے اور والدین کا نام روشن کرنے کا انہوں نے مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ اعلی تعلیم کے حصول کے لئے کڈیم فاؤنڈیشن کی جانب سے ممکنہ تعاون کا تیقن دیا۔ انہوں نے کہا کہ فاؤنڈیشن کی جانب سے کئی ایک فلاحی کاموں کو انجام دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری کالجس میں طلباء کا بہتر مظاہرہ رہا ہے۔ انہوں نے طلباء سے کہا کہ وہ سرکاری کالجس کی مفت سہولتوں سے استفادہ کریں۔ اس موقع پر دیگر افراد موجود تھے۔

نظام آباد حلقہ کے انتخابی مبصر ایلس وجرا نے رائے شماری مرکز کا معائنہ کیا

نظام آباد۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) نظام آباد لوک سبھا حلقہ کے انتخابات کے مبصر ایلیس وجرا نے آج سی ایم سی کالج رائے شماری مرکز کا دورہ کیا۔ عہدیداروں نے مبصرین کو توجہ مبذول کرائی کہ نظام آباد اربن، نظام آباد رورل، بودھن، آرمور، بالکنڈہ، جگتیال اور کورٹلہ اسمبلی حلقوں میں ووٹوں کی گنتی کے ساتھ ساتھ نظام آباد اربن اور نظام آباد سے متعلق انتخابی مواد کی تقسیم اور استقبالیہ بھی جاری ہے۔ سی ایم سی میں اسمبلی حلقے بھی کئے جائیں گے۔ اس پس منظر میں، مبصرین نے تقسیم اور وصولی مراکز، ہر ووٹ کی گنتی کے کمروں اور پولنگ کے بعد ای وی ایم کو محفوظ بنانے کیلئے اسٹرانگ رومز میں کیے گئے انتظامات اور سہولتوں کا معائنہ کیا۔ عہدیداروں نے آبزرور کو بتایا کہ ریٹرننگ آفیسر اور کلکٹر کی نگرانی میں تمام سہولتوں کی دستیابی کو یقینی بنانے کے اقدامات کئے جارہے ہیں تاکہ رائے شماری کے عمل میں کوئی خلل نہ پڑے۔ ان کے ساتھ ضلع لیبر ڈپارٹمنٹ آفیسر یوہن، ایس سی کارپوریشن کے ای ڈی رمیش، میپما پی ڈی راجندر، وجیندر ریڈی اور دیگر موجود تھے۔

محبوب نگر کے عوام کیلئے انتخابات پر سوال یا شکایت کی سہولت

محبوب نگر۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) محبوب نگر پارلیمانی حلقہ سے متعلق کسی بھی سوال یا شکایت کیلئے عوام الیکشن کمیشن آف انڈیا کے ذریعہ مقرر عام مبصرین شیوانگ گچو بھوٹیا آئی اے ایس سے فون نمبر 9059797275، میل آئی ڈی۔ generalobserver011@gmail.com میں انتخابی اخراجات انسپکٹر ورون رنگا سوامی IRS، موبائل نمبر 8522875617، میل آئی ڈی۔ vrswamyexpobr11pc.mbnr@gmail.com پر ربط کریں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ راست رابطہ کرنا چاہتے ہیں وہ صبح 10.30 بجے سے شام 5 بجے تک آر اینڈ بی گیسٹ ہاؤس سے رجوع ہوسکتے ہیں۔ امیدواروں کی بڑی تعداد نے کاغذات نامزدگی داخل کئے نامزدگی کے آخری دن جمعرات کو انٹیگریٹڈ کلکٹریٹ آفس میں ریٹرننگ آفیسر اور کلکٹر کے چیمبر میں جنرل مبصر شیوانگ گچو بھوٹیا نے نامزدگی کے عمل کا جائزہ لیا۔

پولنگ مراکز میں رائے دہندوں کیلئے تمام سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت: کلکٹر جنگاؤں

جنگاؤں۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) ضلع انتخابی افسر و کلکٹر رضوان باشا شیخ نے ضلع کے مرکز میں ریلوے اسٹیشن کے قریب واقع سرکاری جونیئر کالج (پولنگ اسٹیشن) کا دورہ کیا اور جنگاؤں ریٹرننگ آفیسر اور آر ڈی او ڈی کومریا کے ہمراہ 5 پولنگ مراکز میں دستیاب سہولیات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر کلکٹر نے کہا کہ گرمی اور دھوپ کے پیش نظر ہر پولنگ مرکز میں خیموں کا انتظام کیا جائے اور پینے کا پانی، طبی اور دیگر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ رائے دہندوں کو کسی قسم کی دشواری درپیش نہ ہو۔ نیز انہوں نے ووٹر کی سلپس کی تقسیم کے عمل کے بارے میں دریافت کیا اور کہا کہ بی ایل او کے ساتھ گھر گھر جاکر ووٹر سلپس تقسیم کرنا چاہئے۔ اس اجلاس میں کلکٹر کے ساتھ ریٹرننگ آفیسر، آر ڈی او کے علاوہ دیگر نے شرکت کی۔

میگھا ریڈی کی ناگر کرنول امیدوار ڈاکٹر ملوروی کی انتخابی مہم

ونپرتی۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) رکن اسمبلی ونپرتی تھوڑی میگھا ریڈی نے ناگر کرنول حلقہ پارلیمنٹ کے کانگریس پارٹی ایم پی امیدوار ڈاکٹر ملوروی کے ہمراہ آج مارننگ واک انتخابی مہم چلائی۔ ونپرتی کے وارڈ نمبر 4 اور 5 نرسنگیا پلی، اوسیہ تانڈہ، بالانگر میں گھر گھر جاکر عوام سے ملاقات کرکے لوک سبھا انتخابات میں ہاتھ کے نشان کو ووٹ دیکر ناگر کرنول پارلیمنٹ حلقہ کے ایم پی امیدوار ڈاکٹر ملو روی کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنانے کی اپیل کی۔ اس مہم میں کانگریس پارٹی کے ونپرتی ٹاؤن صدر، ونپرتی ضلع صدر، میونسپل چیرمین، میونسپل وائس چیرمین، میونسپل کونسلرز، کوآپشن نمبرز، سابق کونسلر ایس سی، ایس ٹی، بی سی، اقلیتی خاتون، سوشل میڈیا یوتھ کانگریس NSUI سیوادل، تمام وارڈ صدور' کانگریس پارٹی سے وابستہ یونینوں کے قائدین' کارکنان اور مداحوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

عوام کو دھوکہ دینے کا ایم پی اروند پر جیون ریڈی کا الزام

نظام آباد۔ 26 اپریل (منصف نیوز بیورو) صدر ضلع بی آر ایس و سابق ایم ایل اے آرمور جیون ریڈی نے کہا کہ نظام آباد حلقہ سے بی آر ایس کے لوک سبھا امیدوار باجی ریڈی گوردھن آرمور حلقہ سے ایک لاکھ ووٹوں کی بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریں گے۔ وہ آج آرمور میں حلقہ کی سطح کے اہم کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے پارلیمان حلقہ نظام آباد سے باجی ریڈی گوردھن کی کامیابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ جیون ریڈی نے کہا کہ نظام آباد سیٹنگ ایم پی بی جے پی پارلیمانی امیدوار ڈی اروند پر جھوٹ بولنے اور دھوکہ دینے کا الزام عائد کیا اور کہا کہ وہ ایسا بدمعاش ہے جس نے ہلدی کے کاشتکاروں کو دھوکہ دیا ہے اور آرمور کی ترقی کیلئے ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کیا۔ کسی ایک غریب کے لیے بھی گھر نہیں بنایا گیا۔ لوگوں سے کبھی ملاقات نہیں کی۔ عوام اس الیکشن میں اروند کو دور پھینک دیں گے۔ کورٹلہ کے عوام نے ایم پی اروند کو اسمبلی انتخابات میں سبق سکھا کر ناکام کیا۔ کانگریس نے اسمبلی انتخابات سے پہلے جو وعدے کئے تھے وہ ناکام ہوگئے ہیں۔ ضمانتیں اور وارنٹیاں ختم ہوگئیں اور اب ووٹوں پر جھوٹ کا پردہ ڈال رہے ہیں۔ پارٹی کارکنان حوصلہ نہ چھوڑیں۔ جیون ریڈی نے کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ اس الیکشن میں گھر گھر جاکر ریاست میں بی جے پی اور کانگریس حکومتوں کی ناکامیوں کو عوام کے سامنے بیان کریں اور بی آر ایس ایم پی امیدوار باجی ریڈی گوردھن کی جیت کو یقینی بنائیں۔ اس اجلاس میں حلقہ انچارج سابق ایم ایل اے ودیا ساگر راؤ، بودھن حلقہ انچارج عائشہ فاطمہ شکیل، جے ڈی پی چیرمین وٹھل راؤ بی آر ایس پارٹی قائدین اور کارکنوں نے شرکت کی۔

دہلی کا جدوجہد سے دوچار ممبئی سے آج آئی پی ایل مقابلہ

ورلڈکپ اسکواڈ میں شامل ہونے کھلاڑیوں میں بہتر مسابقت

نئی دہلی۔26/اپریل (پی ٹی آئی) مسرت سے سرشار دہلی کیپٹلس کی کامیابی کے سلسلہ کو عدم تسلسل کے شکار ممبئی انڈینس کے خلاف برقرار رکھنے کا خواہاں رہے گا جب دونوں کا سامنا ہفتہ کو آئی پی ایل میں یہاں ہوگا۔ کیپٹلس کے لئے یہ سیزن تاحال نشیب وفراز کا حامل رہا جس کے دوران بہترین مظاہرے بھی دیکھنے میں آئے لیکن بعض شکستوں کا سامنا بھی کرنا پڑا لیکن آخری 4 میاچس کے منجملہ 3 میں کامیابی سے اُسے 6ویں مقام تک پہنچنے میں مدد ملی ہے اور ممبئی انڈینس کے خلاف اگر کامیابی مل جاتی ہے تو کل پلے آف میں جگہ حاصل کرنے کا دعویدار ہوسکتا ہے۔ دوسری جانب خراب شروعات کے بعد ممبئی انڈینس آئندہ اپنے چار کے منجملہ 3 میاچس میں کامیابیاں حاصل کی ہے لیکن 9 وکٹس سے ایک جامع کامیابی جس کی بدولت راجستھان رائلس کو ڈھکیل دیا گیا اور اُن کی پیشرفت میں رکاوٹ پڑ گئی۔ وہ پوائنٹس کے ٹیبل میں اب 8ویں مقام پر لڑکھڑا رہے ہیں۔ اب وہ ایک اور شکست کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ دہلی کیپٹلس کا سب سے بڑی مثبت یہ ہے کہ بلاشبہ کپتان رشبھ پنت کا فام قابل عمل رہا ہے اور جو ہر میاچ میں بہتر سے بہتر ہوتا جارہا ہے اور وہ اسٹمپس کے پیچھے سے بھی بہتر مظاہرہ کررہے ہیں اور بیاٹنگ بھی بڑی آزادی سے کرتے ہوئے دیکھے جارہے ہیں۔ انہوں نے میاچ جتانے والا مظاہرہ گجرات ٹائٹنس کے خلاف چہارشنبہ کو کیا تھا۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ اب وہ پہلی پوزیشن پر ہے تاکہ اُنہیں ورلڈکپ اسکواڈ میں شامل کیا جاسکتا ہے کیوں کہ اِس کے لئے ایک سخت مسابقت چل رہی ہے جس میں سنجیو سیمسن، دنیش کارتک اور ایشان کشن بھی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ ڈیویڈ وارنر سابق گیم میں شامل نہیں رہے۔ انہوں نے شائی ہوپ کے لئے راستہ بنایا تھا جو اِس موقع سے فائدہ نہیں اُٹھاسکے۔ ایسے میں ویٹرن آسٹریلیائی کو پھر ایک بار قطعی 11 کھلاڑیوں میں لایا جاسکتا ہے۔ ٹائٹنس کی ٹیم میں اکشر پٹیل بھی ایک بہترین بلے باز ہیں، انہوں نے صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے اور اپنی بیاٹنگ آرڈر میں بھی ترقی کرلی ہے جب گجرات ٹائٹنس کے خلاف 4 رنوں سے کامیابی ملی تھی۔ کلدیپ یادو اور اکشر دونوں ہی کفایتی بولنگ کررہے ہیں۔ ڈی سی کی فاسٹ بولنگ یونٹ کو آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ انریچ نورتجی کے لئے سیزن فراموش کردینے والا رہا۔ انہوں نے 13.36 رن دیئے ہیں، جو دہلی کے لئے بہت بڑا مسئلہ ہے۔ خلیل احمد، مکیش کمار اور ایشان شرما زخمی ہیں۔ اُن کے مظاہرے میں عدم تسلسل پایا گیا۔ ممبئی کے لئے روہت شرما، سوریا کمار اور تلک ورمارن بنارہے ہیں۔ اب ٹم ڈیویڈ، ایشان کشن اور کپتان ہاردیک پانڈیا کو ایک بڑا راستہ طئے کرنے کے لئے حصہ ادا کرنا ہے تاکہ اِن تینوں پر سے دباؤ کو ہٹایا جاسکے۔ بیاٹنگ کا شعبہ کبھی کبھی اچھا دکھائی دیتا ہے جب کہ بولنگ ہنوز تشویش کا باعث ہے۔ جسپریت بمرا سے توقع کی جاتی ہے کہ بہتر مظاہرہ کریں، وہ اب تک 13 وکٹس اور کفایتی شرح 6.37 کے ساتھ لے چکے ہیں۔ بہرحال کل دلچسپ مظاہرہ دیکھنے میں آئے گا۔

ہندوستانی مینس ٹیم کی نگاہیں تھامس کپ ٹائیٹل کے دفاع پر مرکوز

چنگڈو (چین)۔ 26/اپریل (پی ٹی آئی) اسٹار سنگلز کھلاڑیوں کا یہ مقصد ہوگا کہ تسلسل کا مظاہرہ برقرار رکھتے ہوئے سخت سفر میں اپنے ٹائیٹل کا دفاع تھامس کپ کے دوران کیا جائے جب کہ نوجوان ویمنس ٹیم جو پی وی سندھو کے بغیر کھیل رہی ہے، اپنا بہتر مظاہرہ کرنے کی متلاشی ہوگی جب اوبر کپ میں مہم یہاں ہفتہ کو شروع ہوگی۔ صرف 2 سال قبل ہی ہندوستان نے بیاڈ منٹن کی دنیا میں اُس وقت صدمہ کی لہر دوڑا دی تھی جب اُس نے اپنا پہلا تھامس کپ خطاب جیتا تھا اور اُس وقت مینس چمپئن شپ ٹیم قرار دیا گیا۔ توقعات کے بوجھ کے بغیر ہندوستان نے دنیا کی بہترین ٹیموں کے خلاف شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے کھیل کی تاریخ میں ایک غیر معمولی باب شروع کیا تھا اور اب 33 ویں ایڈیشن میں واپسی کررہے ہیں جس کے سامنے اپنی طاقت چوٹی کی ٹیموں کے خلاف دکھانے کا موقع ہے۔ تاہم کمزور دکھائے دینے والے یہاں کوئی نہیں ہیں، حقیقت یہ ہے کہ تمام ٹیمیں دفاعی چمپئنس کا سامنا کرنے تیار ہیں جس نے 2022ء میں اہم خطاب جیت کر ایک تاریخ بنکاک میں رقم کی تھی۔ ہندوستان کو گزشتہ ایڈیشن کے تجربہ کے پیش نظر گروپ آف ڈیتھ میں رکھا گیا ہے جس میں کئی دفاع کے فاتحین انڈونیشیاء، تھائی لینڈ، گروپ C میں شامل ہیں۔

ندال نے کم عمر بلانچ کو میڈرڈ اوپن میں شکست دے دی

میڈریڈ۔ 26/اپریل (آئی اے این ایس) رافیل ندال نے میڈریڈ اوپن میں کامیاب شروعات کی ہے جب انہوں نے 16 سالہ وائیلڈ کارڈ یافتہ ڈارون بلانچ کو 1-6، 0-6 سے صرف 64 منٹ میں شکست دے دی۔ میڈریڈ میں 5 دفعہ کے چمپئنس ندال سب سے زیادہ کامیابیاں (57)، کا جامجاگا میں حاصل کرچکے ہیں۔ جہاں مقامی پسندیدہ نے پہلی مرتبہ 2008ء میں خطاب جیتا تھا اور حالیہ عرصہ میں 2017ء میں اُنہیں کامیابی ملی۔ ایک بڑے عمر کے تفاوت کے باعث (21 سال 117 دن) اور 2 حریفوں کے درمیان اے ٹی پی ماسٹرس 1000 لیول، ندال نے 59 فیصد ریٹرن پوائنٹس جیتے ہیں۔ اُنہیں بریک پوائنٹس کا بھی سامنا نہیں کرنا پڑا۔ انفوسیس اے ٹی پی نے یہ بات بتائی۔ وہ ایک نوجوان کھلاڑی ہے، میرے خیال میں اُس کا مستقبل بڑا تابناک دکھائی دیتا ہے، اُس کے خلاف طاقتور شاٹس لگائے گئے ہیں، لیکن میرے خیال میں اُس میں تسلسل کی کمی ہے، میں اُس کے تعلق سے نیک خواہشات رکھتا ہوں۔ میں نے اچھا کھیلا اور اُس پر خوش ہوں۔ اِس سے میڈریڈ میں ایک اور دن ٹھہرنے کا موقع ملا ہے۔ یہ میرے لئے بہت کچھ ہے۔ میں اِن ٹورنمنٹس کو کھیلنا چاہتا ہوں اور اِن کے ذریعہ اپنے عمل میں بہتری لانا مقصد ہے، یہ بات ندال نے کہی۔ ندال کا آئندہ مقابلہ دوسرے راؤنڈ میں 10 ویں سیڈ الیکس ڈی منار سے ہوگا جن سے اُن کا ایک ہفتہ قبل بارسلونا میں کلے کورٹ پر ہوا تھا۔

بنگال پرو ٹی20 لیگ کا 11 جون سے آغاز، آئی پی ایل طرز پر فرنچائز کا انتخاب

نئی دہلی۔ 26/اپریل (آئی اے این ایس) بنگال پرو ٹی 20 لیگ کے افتتاحی ایڈیشن 11/جون سے کولکتہ میں شروع ہوگا جب کہ 8 ٹیمیں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ بڑے اسٹیج پر دکھانے کے لئے تیار ہے۔ لیگ آئی پی ایل کے خطوط پر تیار کی گئی ہے جس میں 8 فرنچائز ٹیمیں ہیں، جن میں مرد اور خاتون زمرے شامل کئے گئے ہیں۔ ٹورنمنٹ 11 تا 28/جون کو کھیلا جائے گا۔ مینس میاچس کا آغاز 11/جون سے ایڈن گارڈنس پر ہوگا اور ویمنس گیمس 12/جون سے جادھوپور یونیورسٹی، سالٹ لیک کیمپس گراؤنڈ پر ہوں گے۔ ہر ٹیم ایک دوسرے کے خلاف ایک بار کھیلے گی۔ لیگ کے پہلے دن صرف ایک مینس میاچ شام کو ہوگا اور خواتین کا پروگرام دوسرے دن 2 میاچس کے ساتھ ہر دن کھیلا جائے گا۔ سروٹیک پاور سسٹم لمیٹیڈ جس نے حال ہی میں ایک فرنچائز کے مالک کی حیثیت سے ٹیم بنگال پرو ٹی 20 لیگ شروع کی ہے اور وہ اپنا پروگرام شروع کرنے کے لئے بے چین ہے۔

کوچ ویٹوری، ایس آر ایچ کیلئے تعاقب کی رسائی میں تبدیلی کے خواہاں

حیدرآباد۔26/اپریل (آئی اے این ایس) رائل چالنجرس بنگلور (آر سی بی) سے شکست کے بعد ہیڈ کوچ ڈینیل ویٹوری نے کھلاڑیوں پر زور دیا ہے کہ وہ نہ صرف زیادہ رن بنانے پر توجہ دیں بلکہ کامیابی کے ساتھ نشانہ کا تعاقب بھی کریں۔ آر سی بی نے ایس آر ایچ کی مسلسل 4 کامیابیوں کے سلسلہ کو روک دیا ہے جو راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے رجت پاٹیدار کا 19 گیندوں میں نصف سنچری اور ویراٹ کوہلی کے 51 رنوں کے بدولت 20 اوورس میں 206/7 کا اسکور کھڑا کردیا۔ اِس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایس آر ایچ نے 2 بڑے اسکورس جاریہ سیزن میں بنائے ہیں اور وہ اِس نشانہ کا بھی تعاقب کرسکتا ہے لیکن اُسے تسلسل نہیں مل سکا اور اُسے سیزن کی سیریز میں دوچار ہونا پڑا۔ ویٹوری نے کہا کہ اِس نقصان سے سیکھنے کا موقع ملا ہے اور ٹیم سے کہا کہ اپنے توجہ آنے والے میاچ پر مرکوز رکھیں جو چینائی سوپر کنگس کے خلاف ہونے والا ہے۔

یوراج ٹی20 ورلڈکپ میں سوریا، بمرا کے شمولیت کے حامی

نئی دہلی ۔ 26/اپریل (پی ٹی آئی) ہندوستان کے سابق اسٹار یوراج سنگھ نے دھماکہ خیز بلے باز سوریا کمار یادو اور صف اول کے پیسر جسپریت بمرا کو آنے والے ٹی 20 ورلڈکپ میں شامل ہونے کے لئے اہم قرار دیا ہے کیوں کہ اُن کی صلاحیت کے پیش نظر انہوں نے یہ بات کہی۔ کیوں کہ وہ گیم کا رخ کسی بھی وقت بدل سکتے ہیں۔ یوراج نے بتایا کہ سوریا کمار کو کامیابی کے لئے اچھا مظاہرہ کرنا ہوگا اور بمرا کو بھی اپنے بہتر مظاہرہ کی ضرورت ہے کیوں کہ سوریا کمار ہندوستان کے ایک اہم بولر ہیں۔ یوراج کے حوالہ سے آئی سی سی نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جس انداز میں وہ کھیلتے ہیں، وہ 15 گیندوں میں ہی گیم کا رخ بدل ڈالتے ہیں اور یہ بات یقینی دکھائی دیتی ہے کہ ہندوستان کی ٹی 20 ورلڈکپ کی کامیابی کے لئے سوریا اہم کھلاڑی ثابت ہوں گے۔ میرے خیال میں جسپریت بمرا بھی بولنگ میں اہم رہیں گے لیکن بیاٹر کی حیثیت سے میں یہ کہوں گا کہ سوریا کمار اہم کھلاڑی ہے اور ہندوستان کے وکٹ کیپر کے انتخاب کے پیش نظر وہ بہتر انتخاب ہوں گے۔ یوراج نے دنیش کارتک کے فام پر اطمینان کا اظہار کیا۔

ورلڈکپ، جیوتی، ورما کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم فائنل میں داخل

تیراندازوں کی نگاہیں 4 گولڈ میڈلس کے حصول پر مرکوز

شنگھائی۔ 26/اپریل (پی ٹی آئی) کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم جو جیوتی سریکھا وینم اور ابھیشک ورما پر مشتمل ہے، ہندوستان کو یہ بات یقینی بنائی ہے کہ چوتھا میڈل جاریہ آرچری ورلڈکپ میں مل جائے کیوں کہ ٹیم یہاں آج فائنل میں داخل ہوچکی ہے۔ عالمی نمبر 2 ہندوستانیوں نے صرف 5 پوائنٹس ضائع کرتے ہوئے میکسیکن حریفوں آندرے بسیرا اور لاٹ میگزیمو کو 151-155 سے شکست دے کر سیمی فائنل میں داخل ہوگئی۔ اب اُن کا سامنا کمتر رینک کے اسٹونیا سے گولڈ میڈل مقابلہ کے لئے ہفتہ کو ہوگا۔ جیوتی ویمنس کمپاؤنڈ ٹیم کی ممبر بھی ہے، جس کے فائنل میں وہ چہارشنبہ کو داخل ہوئی۔ جیوتی کو انفرادی شعبہ میں سیمی فائنل میں جگہ مل چکی ہے۔ عالمی نمبر 3 اور ایشین گیمس گولڈ میڈلسٹ کو اب پوڈیم میں پہنچنے کے لئے ہیٹرک کی ضرورت ہے۔ مجموعی طور پر ہندوستانی آرچرس (تیرانداز) 4 فائنلس کے لئے داخل ہوچکے ہیں اور یہ تمام ٹیم ایونٹس ہیں اور اِس دوران کمپاؤنڈ انفرادی ایونٹس میں 2 میڈلس کی تلاش ہے جس میں جیوتی اور پریانش نے سیمی فائنلس میں رسائی حاصل کی ہے۔ 4 ایونٹس میں ہندوستانی ٹیم میں گولڈ میڈل راؤنڈ برائے کمپاؤنڈ مینس، ویمنس میکسڈ زمرہ اور مینس ریکرو میں پہنچے ہیں۔ ایلیمینیشن راؤنڈ ریکرو انڈیویجول زمرہ آج ہی ہونے والا ہے۔ افتتاحی راؤنڈ میں بائی ملنے کے بعد سکینڈ سیڈ ہندوستانی جوڑی جیوتی اور ورما نے شاندار 160 کے منجملہ 160 پوائنٹس بناتے ہوئے کمتر رینک کی آسٹریلیائی جوڑی کو 8 پوائنٹس سے ہرادیا ہے۔

میرے پاس بین الاقوامی سنچری کا ہر یادگار بیاٹ موجود: پانٹنگ

پانٹنگ سنچری میں استعمال شدہ بیاٹ کے ساتھ دیکھے جاسکتے ہیں۔

نئی دہلی ۔ 26/اپریل (پی ٹی آئی) رکی پانٹنگ کے بارے میں کہا جاسکتا کہ اپنے عروج کے دور میں زبردست سنچریاں بنائی تھیں۔ دو دفعہ ورلڈکپ چمپئن سابق آسٹریلیائی کپتان نے یہ انکشاف کیا کہ انہوں نے ہر بیاٹ کو بڑی احتیاط کے ساتھ جمع کیا ہے جس کے ذریعہ انہوں نے بین الاقوامی سنچری بنائی اور اپوزیشن کی جانب سے اُن کے بارے میں تحریر کردہ اسکور مکمل کیا۔ 49 سالہ پانٹنگ جو فی الحال دہلی کیپٹلس کے ہیڈ کوچ ہیں، وہ اپنے دور کے انتہائی خوفناک اور بڑے ہٹر تھے اور وہ ڈی پی ورلڈس باؤنڈریس، پہل کے تعلق سے کٹس دہلی کے یہ نوجوان کھلاڑیوں میں حوالے کررہے تھے۔ پانٹنگ نے 71 بین الاقوامی سنچریاں اسکور کی ہے۔ اُن میں 41 ٹسٹ سنچریاں تھیں جب کہ اُن کا تابناک دور چل رہا تھا جو گزشتہ 2012ء میں اختتام ہوا۔ یقین کریں یا نہ کریں، میں نے ہنوز اپنی پہلا بیاٹ اپنے مکان میں رکھا ہے، اُس پر ہر قسم کے اسٹیکرس ہیں اور ہر چیز اُس پر درج ہے۔ ہمارے پاس تحریری طور پر 1000 بیاٹس ہیں جن میں سے چند ایک دوسروں سے زائد میرے لئے اہم ہیں۔ میں نے جن بیاٹس سے بین الاقوامی سنچری کی تھی اُنہیں محفوظ رکھا ہے اور اُس پر اسکور بھی تحریر کردیا ہے اور یہ کس کے خلاف بنائے گئے تھے، پانٹنگ نے اِس بات کا انکشاف کیا۔ اُن کے یادگار مظاہروں میں سے ایک ورلڈکپ فاتح ناٹ آؤٹ 140 ہندوستان کے خلاف 2003ء کے فائنل ایڈیشن میں بنائے گئے تھے۔ انہوں نے ظہیر خان کی زیر قیادت ہندوستانی بولنگ اٹاک کی دھلائی تقریباً تنہا ہی کرتے ہوئے آسٹریلیا کے لئے ٹرافی بھی جیتی۔ کیا ایسے صاف بیاٹ اُن کے کلیکشن میں موجود ہیں؟ ہاں ہیں۔ پیاٹ کمنس نے پانٹنگ کا جواب دیا جب کہ اُس وقت ہندوستان کے کپتان سورو گنگولی تھے جو فی الحال دہلی کیپٹلس کے ڈائرکٹر ہیں اور وہ شہ نشین کو آسٹریلین کے ساتھ شیئر کئے ہوئے تھے اور اُن کے چہرے پر مسکراہٹ تھی لیکن یہ یادگار باتیں اُن کے گھر میں پوشیدہ رہیں اور یہ ہر ایک کو دکھانے کے لئے نہیں ہے، یہ ایسا بھی نہیں کہ میں اپنے مکان میں نمائش کروں۔ اِن تمام کو میں نے اپنے گیاریج میں رکھا ہے۔ گنگولی نے بھی اِس موقع پر خطاب کیا اور اُس دور کی بات کو یاد کیا جب انہوں نے اُن کا پہلا بیاٹ حاصل کیا۔ مجھے یاد ہے کہ میں نے اپنا پہلا بیاٹ اُس وقت حاصل کیا تھا جب میں 13 سال کا تھا کیوں کہ اب وہ گیند بلے سے کئی اُڑ گئی ہے۔ بی سی سی آئی کے سابق صدر نے یہ بات بتائی۔ ڈیویڈ وارنر نے جو جاریہ سیزن میں ڈی سی کے لئے کھیل رہے ہیں، کہا کہ اُن کا پہلا بیاٹ سالگرہ میں تحفہ کے طور پر دیا گیا۔ میرے چاچا نے سالگرہ کے موقع پر پہلا بیاٹ دیا تھا۔ میں اُسے بستر کے قریب ہی رکھتا ہوں۔

نظام آباد میں ''بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ'' شعور بیداری

صنفی توازن کی برقراری کے لئے مشترکہ اقدامات ناگزیر: ڈاکٹر سدرشنم

نظام آباد ۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) ڈسٹرکٹ میڈیکل اینڈ ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کے زیراہتمام سی پی این ڈی ٹی ایکٹ پر ضلع سطح کی مشاورتی کمیٹی کا اجلاس ڈی ایم ایچ او آفس میں ڈی ایم اینڈ ایچ او چیمبر میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر ڈی ایم ایچ او ڈاکٹر ایم سدرشنم نے کہا کہ جنس کے تعین کے ٹیسٹ کرانے والے اسکیننگ مراکز کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور اسکیننگ مراکز کے آلات و ریکارڈس کو ضبط کرلیا جائے گا۔ ضلع کے جن منڈلوں میں صنفی تناسب کم ہے وہاں خصوصی بیداری کانفرنسوں کے انعقاد کے علاوہ صنفی مساوات، صنفی امتیاز کے سدباب بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ، مہم چلائی جائے گی۔ محکمہ فلاح و بہبود برائے خواتین واطفال اور محکمہ ڈسٹرکٹ فیڈریشن وغیرہ ANMs گھر گھر کا دورہ کررہے ہیں اور AmmaOdi پروگرام میں لڑکیوں کی ترجیح کے بارے میں آگاہی حاصل کررہے ہیں، گزشتہ میٹنگ سے اب تک، ڈویژن وار بیداری، بیٹی بچاؤ کے بارے میں آگاہی سیشن منعقد کئے گئے ہیں۔ پی سی پی این ڈی ٹی ایکٹ پر بیٹی پڑھاؤ کا انعقاد کنورجنسی کے ایک حصہ کے طور پر تمام منڈلوں میں آنگن واڑی اساتذہ، آشا کارکنوں، اے این ایم اور VIVO کے صدور کیلئے بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ، صنف پر ایک روزہ بیداری ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ امتیازی سلوک، صنفی مساوات ۔ اس موقع پر کمیٹی ممبران کو بتایا گیا کہ نئے اسکیننگ سنٹرس کی رجسٹریشن کے لئے تین، رجسٹریشن کی تجدید کے لئے 11 اور اسکیننگ سنٹرس کی منسوخی کے لئے اقدامات کئے ہیں۔ اس موقع پر کمیٹی کے اراکین نے نہ صرف اپنے خیالات کا اظہار کیا بلکہ کمیٹی کے تمام اراکین نے متفقہ طور پر اس کی منظوری دی۔ اس موقع پر گائنا کالوجسٹ ڈاکٹر روہنی، ماہر امراض اطفال ڈاکٹر شرانیا، ریڈیولوجسٹ ڈاکٹر شروانی، پی او ڈاکٹر وینکٹیش، ڈرگ انسپکٹر سری لتا، ضلع فیڈریشن کی صدر رادھا، آروگیہ چیتنیا ویدیکا اسٹیٹ کنوینر گھن پور وینکٹیشورلو چیریٹی آرگنائزیشن سے، میپما سے کلپنا، آئی سی ڈی ایس سے سومیا، ڈیموکریٹک پروگرام میں اے او چندر، دیویندر اور دیگر نے شرکت کی۔

جیون ریڈی کے حق میں انتخابی مہم

مٹ پلی ۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) مٹ پلی کے پدما نگر سنگم ہاسپٹل کے علاقہ میں سابق کونسلر محمد شاکر حسین صدیقی نے حلقہ پارلیمانی نظام آباد کانگریس پارٹی اُمیدوار ٹی جیون ریڈی کے حق میں انتخابی مہم چلائی۔ انہوں نے عوام سے اپنا قیمتی ووٹ کانگریس کو دینے کی اپیل کی۔ عوام سے کانگریس پارٹی کے حق میں ووٹ کی قرارداد بھی پیش کی۔ اس موقع پر پدمانگر وارڈ کے عوام موجود تھے۔

مٹ پلی میں بی آر ایس کو کامیاب بنانے کی اپیل

مٹ پلی ۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) نظام آباد حلقہ پارلیمانی بی آر ایس پارٹی اُمیدوار باجی ریڈی گووردھن ریڈی نے ترقیاتی اُمور کے لئے بی آر ایس کو ووٹ دینے کی اپیل کی۔ ابراہیم پٹنم منڈل مستقر کے علاوہ ورشہ کونڈہ اور ویمل کرتی میں وہ اپنی انتخابی تشہیر میں حصہ لیتے ہوئے علاقہ کی ترقی کی مؤثر انداز میں عمل آوری کے لئے بی آر ایس پارٹی کو انتخابات میں بی آر ایس کو کامیاب بنانے کی اپیل کی۔ اس دوران بی آر ایس پارٹی ضلع صدر و سابق ایم ایل اے کلوا کنٹلہ ودیا ساگر راؤ نے بھی عوام سے بی آر ایس پارٹی کے حق میں ووٹ دینے کی اپیل کی۔ اس موقع پر پارٹی قائدین وورکرس موجود تھے۔

جنگاؤں کے دیہی ہاسپٹلس کی تعمیر میں تیزی پر زور

ضلع کے جملہ 77 مراکز صحت کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ

جنگاؤں۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) ضلع کلکٹر جنگاؤں رضوان باشا شیخ نے کانفرنس ہال میں متعلقہ محکمہ طبابت کے عہدیداروں و پنچایت راج افسروں کے ہمراہ زیر تعمیر دیہی اسپتالس کا جائزہ لیا۔ محکمہ طبابت کے زیراہتمام 77 دیہی اسپتالس کے ذیلی مراکز کے تعمیراتی کام ضلع میں

جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی صحت مشن کی جانب سے بنائے جانے والے دیہی اسپتالس کے ذیلی مراکز کی تعمیر کا کام تیزی سے مکمل کرتے ہوئے اس کی رسائی عوام تک کی جائے۔ 77 ذیلی مراکز میں سے 8 ذیلی مراکز انجینئرنگ حکام کے ذریعہ میڈیکل ڈپارٹمنٹ کے حوالے کئے جائیں۔ اسی طرح 15 ویں فینانس کے تحت منظور شدہ 6 ذیلی مراکز کے تعمیراتی کاموں کو بھی مکمل کیا جائے۔ نیز 9 بنیادی طبی صحت مراکز کی مرمت کی جائے۔ اس جائزہ اجلاس میں ضلع پنچایت راج افسر چندر شیکھر، ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسر ہریش راج کے علاوہ دیگر نے شرکت کی۔

سنگل ونڈو مٹ پلی چیرمین کو تہنیت

مٹ پلی ۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) نومنتخبہ سنگل ونڈو مٹ پلی کی حیثیت سے کومی ریڈی تروپتی کے تقرر پر تہنیت پیش کی گئی۔ حلقہ اسمبلی کانگریس پارٹی انچارج جواڑی نرسنگ راؤ کے ہاتھوں شال پوشی کے ساتھ تہنیت پیش کی گئی۔ اس موقع پر پارٹی قائدین وورکرس موجود تھے۔

میدک میں انتخابی سرگرمیوں کا پولیس مبصر کا جائزہ

کسی بھی ناگہانی صورتحال اور انتخابی عمل کو متاثر نہ ہونے دینے کا عزم

میدک۔26/اپریل (منصف نیوز بیورو) میدک میں انتخابات کے پیش نظر پولیس مبصر نے صورتحال کا جائزہ لیا۔ ڈاکٹر رامیشور سنگھ، ڈی آئی جی آئی پی ایس نے آج پارلیمانی انتخابات کے پس منظر میں پولیس مبصر کے طور پر ضلع کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ضلع کے ایس پی ڈاکٹر بی بال سوامی آئی پی ایس نے پولیس مبصر کو دل کی گہرائیوں سے ضلع میں مدعو کیا۔ اس موقع پر دونوں عہدیداروں نے میدک ضلع میں امن وامان کی برقراری، بین ریاستی اور ضلعی چیک پوسٹس، ضلع میں اب تک ضبط کی گئی غیر قانونی شراب اور رقم، انتخابات کے دوران مرکزی فورسس کے استعمال، پولنگ مراکز کے خلاف خصوصی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ بعد ازاں انہوں نے نرساپور بی وی آر آئی ٹی کالج اور الوری سیتارام راجو گروکل اسکول میں قائم ای وی ایم اسٹرانگ روم کا دورہ کیا اور وہاں قائم رجسٹر کو چیک کیا اور عملے کو مختلف تجاویز دیں۔ اس کے علاوہ الیکشن پولیس مبصر نے کسی بھی مشکوک معاملے کی اچھی طرح جانچ کرنے کا حکم دیا جو الیکشن کو متاثر کرسکتا ہے۔ ضلع کے لوگوں کو مشورہ دیا کہ ان کے موبائیل نمبر 99185919177+2 پر شکایت کریں تاکہ ضلع میدک کے کسی بھی انتخابی حلقہ میں کہیں بھی الیکشن کو متاثر کرنے والا کوئی مسئلہ کی یکسوئی ہو۔ ضلعی پولیس اہلکاروں کو کئی ہدایات دی گئی ہیں اور مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ انتخابات سے متعلق متاثرہ پہلوؤں پر توجہ دیں۔ انہوں نے الیکشن سے متعلق رپورٹس وقتاً فوقتاً پیش کرنے کی ہدایت دی۔ ضلع ایڈیشنل ایس پی ایڈمن ایس مہیندر راو اور ایس بی سی آئی سندیپ ریڈی بھی اس پروگرام میں حصہ لیا۔

خریداری مراکز سے ہی معیاری دھان کی وصولی

کسانوں کو امدادی قیمت کے ساتھ دیگر سہولتوں کی فراہمی: ونود کمار

آصف آباد۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) ضلع سول سپلائی آفیسر ونود کمار نے کہا کہ کسانوں کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ حکومت کی طرف سے قائم کردہ خریداری مراکز کے ذریعہ کسانوں سے معیاری اناج خریدا جائے۔ ضلع کے کاغذ نگر منڈل مرکز میں خریداری مراکز کا انہوں نے کل یعنی جمعرات کو اچانک معائنہ کیا۔ اس موقع پر محکمہ سیول سپلائیز کے ضلعی افسر نے بتایا کہ 37 نامزد دھان کے خریداری مراکز کے ذریعے اقدامات کئے جائیں گے جس کا مقصد کسانوں سے ہر دانہ خریدنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے گریڈ کی کم از کم امدادی قیمت 2 ہزار 203 روپے اور نارمل ورائٹی کی 2 ہزار 183 روپے مقرر کی گئی ہے کسان دلالوں پر بھروسہ کرنے کی بجائے اپنی پیداوار قریبی خریدگاہوں پر فروخت کریں اور امدادی قیمت حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی کو شک ہو تو کسانوں کی سہولت کے لیے قائم کیے گئے ٹول فری نمبر پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ کسانوں کو خریداری مراکز پر دھان لاتے وقت قواعد پر عمل کرنا ہوگا۔

عوام کے اکاؤنٹ میں 15 لاکھ، سالانہ 2 کروڑ نوکریاں کہاں ہیں

وزیراعظم نریندر مودی نے اقتدار کیلئے جھوٹ کا سہرا لیا۔ بیدر میں انتخابی جلسہ سے ملکارجن کھرگے کا خطاب

بیدر۔25/اپریل (منصف نیوز بیورو) ملک کے وزیراعظم نریندر مودی اور ان کے لیڈرس جھوٹ بولتے ہیں، جب وہ اقتدار میں آنے کے لئے جھوٹ کا سہرا لیا اور عوام سے یہ کہا تھا کہ ہمارے ملک کا جو بھی کالا دھن ہے وہ واپس لاکر غریب عوام کے اکاؤنٹ میں 10 سے 15 لاکھ روپے ڈالیں گے جو آج تک نہیں آئے۔ اس کے علاوہ 2 کروڑ نوجوانوں کو روزگار اور کسانوں کی آمدنی ڈبل کردوں گا کہا تھا، کیا ایسا ہوا؟ کچھ بھی نہیں ہوا۔ یہ لوگ جھوٹ بول کر جھوٹوں کے سردار بننا چاہتے ہیں لیکن کانگریس حکومت جب اقتدار پر رہی ہے اُس وقت ہم نے عوام سے جو وعدے کئے تھے اُن کو پورا کیا ہے۔ یہ بات اے آئی سی سی صدر ملکارجن کھرگے نے بیدر کے گنیش میدان میں کانگریس کے اُمیدوار ساگر کھنڈرے کے انتخابی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ جب کانگریس حکومت اقتدار پر تھی اُس وقت کانگریس نے 72 ہزار کروڑ روپے کسانوں کا قرض معاف کیا تھا اور ریاست میں سدارامیا کی سرکار نے کسانوں کا جملہ 8 ہزار کروڑ روپے کا قرض معاف کردیا۔ بی جے پی والے ہمیشہ الزام لگاتے ہیں کہ کانگریس لیڈرس جھوٹ بولتے ہیں مگر ملک کے عوام کو یہ معلوم ہے کہ کانگریس نے جو وعدے کرتی ہے انھیں پورا کرتی ہے۔ اب ملک میں پارلیمانی انتخابات ہو رہے ہیں ہمارے انڈیا اتحاد بلاک کے اقتدار پر آنے کے بعد جو راہول گاندھی نے عوام سے وعدے کئے ہیں اُن کو بھی پورا کیا جائے گا۔ بی جے پی لیڈرس اور ایک بات بار بار کہتے ہیں کہ یہ خاندانی پارٹی ہے، یہ سب جھوٹ ہے۔ مودی جی کہتے ہیں میں ایک مضبوط انڈیا بناؤں گا کس کے لئے، وہ تو ڈکٹیٹر ہیں جمہوریت پر بھروسہ نہیں کرتے اور اس کو ختم کرنا جارہے ہیں۔ ملک میں جمہوری نظام ہے جو بابا صاحب امبیڈکر نے بنایا ہے، اس کو کیسے ختم کریں گے۔ ان کے خلاف جو کوئی بھی ہے اُس کو کسی نہ کسی طرح پریشان کیا جارہا ہے۔ کبھی سی بی آئی تحقیقات تو کبھی ای ڈی کے ذریعہ، اب ای ڈی تو ان کا ہتھیار بن چکا ہے۔ جو کوئی پارٹی کا لیڈران کے خلاف ہو، اسے ڈرا دھمکا کر اپنی پارٹی میں لے رہے ہیں۔ ملکارجن کھرگے نے کہا کہ میں نے راجیہ سبھا میں دیوے گوڑا سے کہا کہ تم 91 سال کے ہوگئے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ میں سیکولر ہوں اگر میرا دوسرے جنم ہو تو میں مسلمان ہوکر پیدا ہوں گا اور دیوے گوڑا مسلمان بننا چاہتا ہوں، آپ کا سیکولرپن کہاں گیا، اب تو آپ نریندر مودی کی گود میں جاکر بیٹھے ہیں، ایسا کرنا کیا مناسب ہے اس کا فیصلہ عوام کو کرنا ہوگا۔ بی جے پی کہتی ہے کہ کانگریس والے اور دوسری پارٹی والے رشوت خوار ہیں۔ جب یہ لیڈرس بی جے پی میں شامل ہوجاتے ہیں تو وہ صاف وشفاف ہوجاتے ہیں کیا؟ ہندوستان آزاد ہونے کے بعد کانگریس کے لیڈرس گاندھی جی، نہرو جی، اندرا گاندھی، لال بہادر شاستری، راجو گاندھی ایسا کیا کیا میں عوام سے پوچھنا رہا ہے۔ ہمارے لیڈرس ملک کے قانون اور جمہوریت کا احترام کرتے ہیں کبھی بھی ڈرا دھمکا کر لیڈرس کو اپنی پارٹی میں نہیں لیا ہے۔ جب سے پہلے فیس کا الیکشن ہوا ہے اور انڈیا اتحاد کو اکثریت آنے کی بات سامنے آئی ہے تب سے نریندر مودی گلی سے لیکر دہلی تک سب سے مل رہے ہیں، ایک کارپوریٹر کو بھی نہیں چھوڑ رہے ہیں۔ ان کو انڈیا اتحاد اقتدار پر آنے والی ہے اس لئے ان کو ڈر ہو رہا ہے۔ اس موقع پر چیف منسٹر سدارامیا نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ پارلیمانی انتخابات بہت ہی اہم ہیں کیوں کہ اس پر ملک کا مستقبل ہے۔ جو پارٹیاں ملک کے قانون اور جمہوریت کو بچانے کام کرتے ہیں ان کو ووٹ دیں۔ جب سے نریندر مودی کی سرکار آئی ہے 10 سالوں میں ملک کے عوام پریشان ہیں مہنگائی بڑھ چکی ہے، سب کا ساتھ سب کا وکاس کا نعرہ لگایا۔ اس پارلیمانی انتخابات میں کسی مسلم، کسی کریچن، دھنگر، مراٹھا کو ٹکٹ دیا گیا، کسی کو نہیں دیا۔ ہماری پارٹی نے تمام مذاہب کے لوگوں کو ٹکٹ دیا ہے اور سب مل کر کام کریں گے تو ہی ملک کا وکاس ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ ہم عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ دستور اور جمہوریت کا خاتمہ کرنے کے ناپاک عزائم رکھنے والی بی جے پی کو اقتدار سے دور رکھنے کیلئے کانگریس کو ووٹ دیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ کانگریس نے کرناٹک اور تلنگانہ میں 5 گارنٹی اسکیمات پر عمل کر کے دکھایا ہے لیکن بی جے پی کے لیڈران کہتے ہیں کہ ان کے پاس صرف مودی کی گارنٹی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بی جے پی سماجی انصاف میں یقین نہیں رکھتی، کانگریس ملک کی واحد پارٹی ہے جو سماجی انصاف کے تقاضوں کو پورا کررہی ہے۔ ابتدا میں ایشور کھنڈرے ضلع نگران وزیر بیدر نے کہا کہ نوجوانوں کو سیاست میں آگے بڑھانے کیلئے کانگریس نے نوجوان باصلاحیت ساگر کھنڈرے کو بیدر لوک سبھا حلقہ سے امیدوار بنایا ہے۔ ایشور کھنڈرے نے موجودہ ایم پی بیدر بھگونت کھوبا پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بھگونت کھوبا ووٹرس کے احسان مند ہونے کے بجائے کہتے ہیں کہ وہ مودی کی وجہ سے ایم پی منتخب ہوئے ہیں۔ محمد رحیم خان ریاستی وزیر بلدی نظم ونسق و حج، ساگر کھنڈرے کانگریس امیدوار حلقہ پارلیمان بیدر، راج شیکھر پاٹل سابق وزیر کے علاوہ کانگریس کے کئی قائدین نے انتخابی جلسہ کو مخاطب کیا۔ اس موقع پر بیدر ضلع کانگریس صدر بسواراج شیٹی، عبدالمنان سیٹھ، نثار احمد، محمد لیاقت اللہ خاں شاکر، محمد سمیع، محمد احسن کمال ودیگر موجود تھے۔

”فنڈس برائے ووٹ“ ریمارک ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی نہیں

اجیت پوار کو الیکشن کمیشن سے کلین چٹ

پونے۔26/اپریل (پی ٹی آئی) بارہ متی لوک سبھا حلقہ کے ریٹرننگ آفیسر نے فائل داخل کرتے ہوئے کہا کہ مہاراشٹرا کے ڈپٹی چیف منسٹر اجیت پوار کے ”فنڈس برائے ووٹس“ ریمارکس میں بادی النظر میں مثالی ضابطہ اخلاق کی کوئی خلاف ورزی نہیں پائی گئی۔ شرد پوار کی این سی پی (ایس پی) نے اجیت پوار پر مثالی ضابطہ اخلاق اور عوامی نمائندگی قانون کی خلاف ورزی کا الزام عائد کرتے ہوئے الیکشن کمیشن آف انڈیا سے شکایت کی تھی۔ حال ہی میں بارہ متی حلقہ کے اندا پور میں ایک انتخابی جلسے میں اجیت پوار نے کہا کہ جہاں تک فنڈس (رقومات) کا تعلق ہے، آپ کو جتنے چاہیے ہم دینے کے لیے تعاون کریں گے مگر ساتھ ہی ای وی ایم بٹن بھی کثرت سے دبنے چاہیے۔ اگر ای وی ایم بٹن کثرت سے دبے تو مجھے بھی فنڈس دیتے ہوئے اچھا محسوس ہوگا ورنہ مجھے خود کو روکنا پڑے گا۔“ پوار ریاست کے وزیر فینانس ہیں۔ ان ریمارکس پر اپوزیشن نے تنقید کی اور این سی پی (ایس پی) نے الیکشن کمیشن سے رجوع ہوکر اجیت پوار کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ اجیت پوار‘ نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (این سی پی) کے صدر بھی ہیں۔ بارہ متی کی ریٹرننگ آفیسر کویتا دویدی نے کہا کہ شکایت وصول ہونے کے بعد تحقیقات کی گئی اور اجیت پوار سے جواب مانگا گیا۔ دویدی نے توثیق کی کہ انہوں نے چیف الیکشن آفیسر کو رپورٹ داخل کردی جس میں کہا گیا کہ انہوں نے اجیت پوار کی تقریر کا ویڈیو دیکھا جس میں مثالی ضابطہ اخلاق کی کوئی خلاف ورزی نہیں ہوئی۔ دویدی نے کہا کہ ویڈیو میں موجود ریمارکس میں کسی مخصوص امیدوار کا تذکرہ نہیں جس کے لیے ووٹ طلب کیے گئے۔ انہیں یہ کہتے سنا گیا کہ ”ہماری“ مشین کے بٹن دبایئے تاکہ وہ فنڈس مختص کرسکیں۔ لفظ مشین عام ہے اور وہ کسی مخصوص امیدوار یا اپنے امیدوار یا پارٹی کے تعلق سے بات نہیں کررہے ہیں۔ پی ٹی آئی سے بات کرتے ہوئے پونے کے کلکٹر سہاس دیواسے جو ضلع الیکشن عہدیدار بھی ہیں نے کہا کہ بارہ متی کی ریٹرننگ آفیسر نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ اس میں مثالی ضابطہ اخلاق کی کوئی خلاف ورزی نہیں ہوئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ رپورٹ دو دن قبل چیف الیکشن آفیسر کو پیش کردی گئی۔ واضح رہے کہ بارہ متی لوک سبھا حلقہ میں این سی پی امیدوار اور اجیت پوار کی اہلیہ سنیترا پوار کا موجودہ ایم پی اور بھاوج سپریہ سولے سے مقابلہ ہے۔ شرد پوار کی دختر سولے کو این سی پی (ایس پی) نے نامزد کیا۔ بارہ متی میں 7/مئی کو تیسرے مرحلے میں رائے دہی ہوگی۔ این سی پی‘ بی جے پی زیر قیادت مہایوتی اتحاد کا حصہ ہے جس میں ایکناتھ شنڈے کی شیوسینا بھی شامل ہے۔ جبکہ این سی پی (ایس پی) کا تعلق اپوزیشن اتحاد مہا وکاس اگھاڑی سے ہے جس میں کانگریس اور ادھو ٹھاکرے کی شیوسینا بھی شامل ہیں۔

گاؤں میں ناجائز قبضوں کا مسئلہ حل نہ ہونے پر الیکشن کا بائیکاٹ

اورنگ آباد۔26/اپریل (پی ٹی آئی) پربھنی لوک سبھا حلقہ کے ایک گاؤں نے ناجائز قبضوں کے خلاف احتجاجاً انتخابات کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا جس پر کلکٹر نے فوری وہاں پہنچ کر ان سے ایسا نہ کرنے کی اپیل کی۔ مراٹھواڑہ کے ہنگولی، ناندیڑ اور پربھنی حلقوں میں جمعہ کی صبح رائے دہی کا آغاز ہوا۔ پربھنی کے کلکٹر اور ریٹرننگ آفیسر رگھوناتھ گاؤڑے‘ پربھنی شہر سے صبح 7 بجے بلسا کھرد گاؤں پہنچے اور گاؤں والوں سے بات کرکے ان سے ووٹ دینے کی اپیل کی۔ اس گاؤں نے جہاں 1200 رائے دہندے ہیں، ناجائز قبضوں کے دیرینہ مسئلہ پر انتخابات کا بائیکاٹ کیا۔ کلکٹر نے گاؤں والوں کے ساتھ میٹنگ کی جنہوں نے انتظامیہ سے مسئلہ کی یکسوئی کا تیقن مانگا۔ گاؤڑے نے کہا کہ ہم انتخابی ضابطہ اخلاق برخاست ہوتے ہی ناجائز قبضوں کے مسئلہ پر میٹنگ کریں گے اور یہ مسئلہ اندرون ایک ماہ حل کیا جائے گا۔ گاؤں کے ایک شخص نے کہا کہ اگر انتظامیہ مسئلہ کی یکسوئی کا تحریری تیقن دیتا ہے تو ہم اپنے حق رائے دہی سے استفادہ کریں گے۔

اڈپی، چکمگلورو کے ماؤنواز علاقوں میں تیزی سے ووٹنگ

بنگلورو۔ 26/اپریل (آئی اے این ایس) کرناٹک کے اڈپی اور چکمگلورو اضلاع میں ماؤنوازوں سے متاثرہ علاقے میں 52 پولنگ بوتھس پر تیز ووٹنگ کی اطلاع ملی ہے۔ ووٹروں نے صبح سے ہی پولنگ اسٹیشنوں کے سامنے قطاریں لگائیں اور سخت سیکوریٹی کے درمیان اپنا حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ پولنگ بوتھ اضلاع کے پہاڑی اور جنگلاتی علاقوں میں واقع ہیں۔ اضافی نیم فوجی اور پولیس دستے تعینات کئے گئے ہیں۔ ریاستی الیکشن کمیشن نے کہا کہ ریاست میں ان 14 لوک سبھا سیٹوں پر صبح 7 بجے سے صبح 9 بجے کے درمیان 9.21 فیصد ووٹنگ ہوئی۔ صنعت کار سدھا مورتی نے ووٹروں سے اپیل کی کہ وہ گھر پر نہ بیٹھیں اور ووٹ دے کر اپنا لیڈر منتخب کریں۔ ریٹائرڈ ایئر مارشل، 91 سالہ پی وی ایار نے بنگلورو میں اپنا ووٹ ڈالا، لوگوں سے ووٹ دینے کی اپیل بھی کی۔ ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر منوج کمار مینا نے اپنے ارکان خاندان کے ساتھ جکور کے ماڈل ہائر پرائمری اسکول میں ووٹ ڈالا۔

وزیراعظم خوفزدہ ہیں، اسٹیج پر آنسو بھی بہا سکتے ہیں

نریندر مودی پر راہول گاندھی کا تازہ طنز۔ وجئے پورہ میں انتخابی جلسہ سے خطاب

وجئے پورہ۔26/اپریل (پی ٹی آئی) کانگریس قائد راہول گاندھی نے جمعہ کو وزیراعظم نریندر مودی پر ان کی عظیم اور قدیم پارٹی پر حملے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ خوفزدہ ہیں اور اسٹیج پر آنسو بھی بہا سکتے ہیں۔ راہول نے ریاست کے اس ضلع ہیڈکوارٹر ٹاؤن میں عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ”آپ نے وزیراعظم کی تقریریں سنی ہیں۔ وہ خوفزدہ ہے۔ یہ ممکن ہے کہ وہ اسٹیج پر آنسو بہائے“۔ مودی نے حالیہ انتخابی ریالیوں میں متعدد مسائل پر کانگریس کو نشانہ بنایا، جن میں ’منگل سوتر‘، ’دولت کی دوبارہ تقسیم‘ اور ’وراثتی ٹیکس‘ کے الزامات شامل ہیں۔ کانگریس کے سابق سربراہ نے مودی پر مختلف طریقوں سے ’عوام کی توجہ ہٹانے‘ کا الزام لگایا۔ راہول نے کہا کہ مودی آپ کی توجہ ہٹانے کی کوشش کررہے ہیں۔ کبھی وہ چین اور پاکستان کے بارے میں بات کرتے ہیں اور کبھی وہ آپ کو پلیٹیں بجانے کو کہتے ہیں اور آپ سے اپنے موبائل فون کی ٹارچ لائٹ آن کرنے کو کہتے ہیں۔ انھوں نے نشاندہی کی کہ ہندوستان میں تین سے چار بنیادی مسائل ہیں جن میں غربت، بے روزگاری اور مہنگائی شامل ہیں۔ گاندھی نے دعویٰ کیا کہ صرف کانگریس ہی بے روزگاری کو ختم کرسکتی ہے، مہنگائی پر قابو پاسکتی ہے اور لوگوں کو ان کا جائز حصہ دے سکتی ہے۔ مودی نے صرف غریبوں سے پیسہ چھینا ہے، کچھ کو ارب پتی بنایا ہے۔ 22 ایسے لوگ ہیں جن کے پاس ملک کے 70 کروڑ عوام کے برابر دولت ہے۔ صرف ایک فیصد لوگ ملک کی 40 فیصد دولت پر قابض ہیں۔ گاندھی نے کہا کہ موجودہ اسکیم میں دلتوں، او بی سی، قبائلیوں، اقلیتوں اور غریب عام زمرے کے لوگوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے۔ میں آپ کو ایک سادہ سی لائن میں ایک واضح بات بتاؤں گا۔ مودی نے جو دولت ان ارب پتیوں کو دی ہے، وہی رقم ہم ملک کے غریب لوگوں کو دینے جارہے ہیں۔ کانگریس لیڈر نے نوجوانوں سے یہ وعدہ بھی کیا کہ اگر ان کی پارٹی اقتدار میں آئی تو ’اگنی ویر‘ اسکیم کو ختم کردے گی۔ انھوں نے کہا کہ مسلح افواج میں 18 سال سے 21 سال تک کے نوجوانوں کو تین سال کی خدمات پیش کرنے والی ’اگنی ویر‘ اسکیم کو فوج اور فوجیوں کی توہین قرار دیا۔ نریندر مودی نے ہندوستان کے نوجوانوں سے فوج کی نوکریاں چھین لیں۔ وہ اگنی ویر اسکیم لے کر آئے جو کہ ہندوستانی فوج اور سپاہیوں کی توہین ہے۔ ہم اسے ختم کردیں گے۔ گاندھی نے مودی پر ایک غلط جی ایس ٹی لگانے کا الزام لگایا جہاں انھوں نے پانچ مختلف قسم کے ٹیکس متعارف کروائے، جو کہ بھاری ہیں۔ یہ الزام لگاتے ہوئے کہ وزیراعظم کرناٹک کے ساتھ ناانصافی کررہے ہیں، انھوں نے کہا کہ کانگریس جی ایس ٹی کو تبدیل کرے گی اور ریاست کے لوگوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کو دور کرے گی۔ گاندھی کے مطابق، لوک سبھا کا جاری انتخاب عام نوعیت کا نہیں تھا، یہ کوئی ایسا الیکشن نہیں ہے جو پہلے ہوا کرتا تھا کیونکہ ہندوستان کی تاریخ میں پہلی بار ایک پارٹی اور ایک شخص آئین اور جمہوریت کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔

کسان کے بیٹے کو جے ای ای مینس امتحان میں پہلا مقام

واشم۔26/اپریل (پی ٹی آئی) دو سال کی سخت محنت اور لگن کی بدولت واشم ضلع کے کسان کے لڑکے نیل کرشنا گجارے نے جوائنٹ انٹرنس امتحان (جے ای ای) مینس میں پورے ملک میں پہلا مقام حاصل کیا۔ واشیم کے دور دراز گاؤں بیلکھیڈ سے تعلق رکھنے والے نیل کرشنا نے سخت شیڈول پر عمل کر کے روزانہ امتحان کی تیاری کے لیے 10 گھنٹوں سے زیادہ وقت وقف کیا۔ قومی ٹیسٹنگ ایجنسی نے جے ای ای مینس امتحان کے نتائج کا جمعرات کو اعلان کیا۔ پی ٹی آئی سے فون پر بات کرتے ہوئے نیل کرشنا کے والد نرمل گجارے نے کہا کہ اپنے بیٹے کی کامیابی پر وہ اپنی خوشی بیان نہیں کرسکتے۔ نیل کرشنا نے میں اکولہ کے راجیشور کانوینٹ اور کرنجا لاڈ کے جے سی ہائی اسکول میں ابتدائی اسکولی تعلیم حاصل کی اور اُس وقت وہ اپنی خالہ کے ساتھ رہتے تھے۔ نرمل گجارے نے کہا کہ نیل کرشنا ہمیشہ سے ذہین طالب علم تھا اور کھیل کود میں بھی اچھا تھا۔ وہ تیر اندازی میں ضلع اور قومی سطح کے مقابلوں میں حصہ لے چکا ہے۔“ 19 سالہ نیل کرشنا شیوگاؤں کے شری گیانیشور ماسکوجی بورونگلے سائنس اینڈ آرٹس کالج میں زیر تعلیم ہیں۔ گجارے نے کہا کہ نیل کرشنا صبح 4 بجے بیدار ہوتا ہے، دو گھنٹے پڑھائی کرتا ہے اور پھر ”پرنایم“ (سانس کی ورزش) کرنے کے بعد 8:30 بجے صبح سے دوبارہ پڑھائی شروع کر کے 10 بجے سوتا ہے۔

میں نے اپنا فیصلہ کیا‘ سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا: اشوک چوان

اورنگ آباد۔26/اپریل (پی ٹی آئی) مہاراشٹرا کے سابق چیف منسٹر اشوک چوان جو حال ہی میں کانگریس سے بی جے پی میں شامل ہوئے، نے کہا کہ انہوں نے اپنا فیصلہ کیا تھا اور سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا۔ چوان‘ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں ناندیڑ شہر کے امبیڈکر نگر میں اپنے ارکان خاندان کے ساتھ حق رائے دہی سے استفادہ کرکے صحافیوں سے بات کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ رائے دہندوں میں جوش وخروش ہے اور لوگ یہاں ووٹ ڈالنے طویل قطاروں میں کھڑے ہیں۔ چوں کہ گرمی بڑھ رہی ہے مجھے امید ہے کہ لوگ‘ دوپہر تک اپنی ووٹنگ مکمل کرلیں گے۔ مجھے اس مرتبہ ووٹ فیصد میں اضافہ کی توقع ہے۔“ دوسرے مرحلے میں ناندیڑ حلقہ کے علاوہ بلڈھانہ، اکولہ، امراوتی، وردھا، ایوت محل۔ واشیم، ہنگولی اور پربھنی حلقوں میں بھی رائے دہی جاری ہے۔ کانگریس قائدین کے اس ریمارک پر کہ ناندیڑ کے رائے دہندوں کو ”راہول گاندھی سے دغا“ کرنے پر ان سے انتقام لینا چاہیے، چوان نے کہا کہ میں نے اپنا فیصلہ کیا اور سب کچھ ٹھیک ہوجائے گا۔ کوئی کچھ بھی کہے۔ عوام جانتے ہیں وہ کیا چاہتے ہیں۔“ ناندیڑ میں بی جے پی ایم پی چکھالیکر کے خلاف کانگریس امیدوار وسنت چوان میدان میں ہیں۔

ایم پی نونیت رانا کی ایم ایل اے شوہر کی بائیک پر پولنگ بوتھ پہنچیں

امراوتی۔26/اپریل (آئی اے این ایس) اداکارہ سے سیاستداں بننے والی امراوتی (ایس سی) لوک سبھا حلقہ سے بی جے پی امیدوار نونیت کور رانا، سینما کے اندر ہی نہیں بلکہ دن کے اُجالے میں بھی توجہ حاصل کرنا خوب جانتی ہیں۔ رائے دہی کا دن جیسے ہی طلوع ہوا 38 سالہ نونیت کو سنہری۔ نارنگی ساڑی میں رائے دہی کے لیے آتا دیکھا گیا۔ 39 ڈگری کی چلچلاتی دھوپ میں اپنی ٹھنڈی آرامدہ کار کی بجائے وہ اپنے شوہر اور آزاد رکن اسمبلی روی گنگا دھر رانا کی بلیٹ گاڑی پر بغیر ہیلمٹ کے پیچھے بیٹھ کر ووٹ ڈالنے پہنچیں۔ شوہر کو ”ڈرائیور“ بنا کر نونیت مزے سے پچھلی نشست پر بیٹھی دھوپ کی پرواہ کیے بغیر اپنے حامیوں اور پُرجوش میڈیا سے بات کرتی رہی جوان کے ساتھ موٹرسیکلوں پر ساتھ چل رہے تھے۔ انہوں نے متواتر دوسری بار اس حلقہ سے اپنی جیت کا اعتماد ظاہر کیا۔

سلمان خان فائرنگ کیس

پنجاب سے گرفتار دو افراد 30/اپریل تک پولیس تحویل میں

ممبئی۔26/اپریل (پی ٹی آئی) ممبئی کی ایک عدالت نے بالی ووڈ کے سوپر اسٹار سلمان خان کی باندرہ میں واقع رہائش گاہ کے باہر فائرنگ کے سلسلے میں پنجاب سے گرفتار دو افراد کو 30/اپریل تک پولیس تحویل میں دے دیا۔ سبھاش چندر (37) اور انوج تھپن (32) کو مجسٹریٹ عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ کرائم برانچ نے دونوں کو جمعرات کو گرفتار کیا جنھوں نے شوٹرس کو پنجاب سے ہتھیار اور کارتوس مبینہ طور پر فراہم کیے تھے۔ پولیس نے عدالت کو اطلاع دی کہ جرم میں ملزمین کا کردار اہم ہے اور انہیں تکنیکی ثبوت کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا۔ ان سے پوچھ تاچھ کرنے کی ضرورت ہے کہ انہیں ہتھیار دے کر کس نے دو شوٹرس کو دینے کو کہا۔ دونوں شوٹرس پہلے ہی گرفتار ہوچکے ہیں۔ پولیس نے الزام عائد کیا کہ چندر اور تھپن شوٹرس ساگر پال اور وکی گپتا کو دو دیسی ساختہ پستول اور 38 زندہ کارتوس حوالے کرنے 15/مارچ کو (ممبئی کے قریب رائے گڑھ ضلع کے) پنویل سے آئے تھے۔ جمعرات کو عدالت نے پال (21) اور گپتا (24) کو 29/اپریل تک پولیس تحویل میں دیا تھا۔ ان چاروں ملزموں کے علاوہ پولیس نے جیل میں بند گینگسٹر لارنس بشنوئی اور اس کے چھوٹے بھائی انمول بشنوئی کو بھی کیس کے مطلوب ملزمین قرار دیا۔ ملزمین کے وکیل اجئے دوبے نے عدالت کو بتایا کہ چندر اور تھپن نے دیگر ملزمین کو ہتھیار فراہم نہیں کیے اور نہ ہی پنویل آئے، ان کا بشنوئی گینگ سے کوئی تعلق نہیں۔ ان کے خلاف تمام الزامات بے بنیاد ہیں اور انہیں کیس میں جھوٹے طریقے سے پھنسایا گیا۔ واضح رہے کہ 14/اپریل کو گپتا اور پال نے باندرا کے گیلکسی اپارٹمنٹ میں واقع 58 سالہ خان کی رہائش گاہ کے باہر فائرنگ کی اور موٹر بائیک پر فرار ہوگئے۔ انہیں 16/اپریل کو گجرات کے کچھ ضلع کے ماتا نو مدھ گاؤں سے گرفتار کیا گیا۔

رنویر سنگھ کے ”ڈیپ فیک“ ویڈیو پر ایکس صارف کے خلاف کیس

ممبئی۔26/اپریل (پی ٹی آئی) مہاراشٹرا پولیس کے سائبر سیل نے ایک ڈیپ فیک یا مسخ شدہ ویڈیو مبینہ طور پر اپ لوڈ کرنے پر ایک ایکس یوزر کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی۔ ویڈیو میں اداکار رنویر سنگھ کانگریس کو ووٹ دینے کی اپیل کرتے نظر آرہے ہیں۔ ایک عہدیدار نے کہا کہ اداکار کے والد جگجیت سنگھ بھاونانی کی شکایت پر یوزر @sujataindia1st کے خلاف منگل کو ایف آئی آر درج کی گئی۔ شکایت کے مطابق ایک فیشن شو کی تشہیر کے لیے رنویر سنگھ وارانسی میں تھے اور میڈیا کو انٹرویو میں انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کی ستائش کی۔ ایف آئی آر کے مطابق اداکار نے کہا کہ مودی جی کا مقصد اور ہدف ہماری زرخیز ثقافت، میراث، تاریخ اور وراثت کا جشن منانا ہے چوں کہ ہم جدت کی طرف تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں مگر ہمیں اپنی جڑوں، ہماری ثقافتی وراثت کو کبھی فراموش نہیں کرنا چاہیے۔ مگر ایکس اکاؤنٹ ہولڈر نے ڈیپ فیک ویڈیو بنایا جس میں اداکار کو کہتے سنا جارہا ہے کہ ”مودی جی کا مقصد اور ہدف ہماری تکلیف دہ زندگی، ڈر اور بے روزگاری کا جشن منانا ہے، کیوں کہ ہم ناانصافی کی طرف بڑھ رہے ہیں مگر ہمیں اپنی ترقی اور انصاف سے متعلق سوالات کبھی بند نہیں کرنے چاہیے۔ انصاف کے لیے ووٹ دیں، کانگریس کے لیے ووٹ دیں۔“ ان کے والد نے کہا کہ رنویر نے ایسا کبھی نہیں کہا اور ان کا کسی سیاسی جماعت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ پولیس نے یوزر کے خلاف تعزیرات ہند اور آئی ٹی قانون کے تحت کیس درج کرلیا۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔

ایم این سی کی سبکدوش ڈائرکٹر سائبر دھوکہ دہی کا شکار

ممبئی۔26/اپریل (پی ٹی آئی) ممبئی میں مقیم ملٹی نیشنل کمپنی (ایم این سی) کی ایک سبکدوش عہدیدار سائبر دھوکہ بازوں کے ہاتھوں تقریباً 25 کروڑ روپے سے محروم ہوگئیں۔ دھوکہ بازوں نے خود کو پولیس اور سی بی آئی عہدیدار ظاہر کرکے انہیں دھمکی دی تھی کہ منی لانڈرنگ کیس میں اس کے خلاف تحقیقات جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یہ حالیہ عرصہ میں شہر کے کسی فرد کو سائبر دھوکہ دہی کے ذریعہ نشانہ بنانے کا ایک بڑا معاملہ ہے۔ ان کے مطابق خاتون ڈائرکٹر نے اسکامرس کو رقم ادا کرنے اپنی ماں کے حصص اور میوچل فنڈس فروخت کردیے حتیٰ کہ سونا رہن رکھ کر قرض بھی حاصل کیا۔ یہ واردات رواں سال 6 فروری سے دو ماہ کے دوران پیش آئی۔ شکایت کنندہ جو مغربی مضافات میں رہتی ہیں کو واٹس ایپ کال وصول ہوا جس میں کالر نے خود کو محکمہ ٹیلی کام کا عہدیدار ظاہر کرکے انہیں بتایا کہ ان کے تین موبائیل نمبرات کو غیر کارکرد کردیا گیا۔ جب خاتون نے جو معمر شہری ہیں، اس کی وجہ پوچھی تو کالر نے بتایا کہ وہ پولیس عہدیدار کو کال کینکٹ کررہا ہے۔ اس کے بعد ایک اور شخص نے پولیس عہدیدار بن کر ان سے بات کی اور کہا کہ انہیں ان کے خلاف منی لانڈرنگ کی شکایت وصول ہوئی اور ان کے موبائیل نمبرات اور آدھار کارڈ اس کیس سے مربوط ہیں۔ پھر اس کالر نے ایک اور شخص کو کال منتقل کیا جس نے خود کو سی بی آئی عہدیدار ظاہر کرکے انہیں منی لانڈرنگ کیس کی دھمکی دی۔ کالر نے انہیں بتایا کہ اگر وہ کیس سے چھٹکارا چاہتی ہیں تو انہیں ان کے فراہم کردہ بینک کھاتوں میں رقم جمع کرنی ہوگی اور تیقن دیا کہ انہیں ان کی رقم واپس مل جائے گی۔ دھوکہ بازوں نے خاتون کے نام پر اکاؤنٹ کھولا اور انہیں اس میں رقم جمع کرنے کو کہا۔ انہوں نے انہیں بتایا کہ یہ رقم ریزرو بینک آف انڈیا کو بھیجی جائے گی۔ کالر نے انہیں رقم کی رسید مقامی پولیس اسٹیشن سے وصول کرنے کو کہا۔ خاتون نے کھاتے میں 25 کروڑ روپے جمع کیے مگر یہ رقم انہیں واپس نہیں ملی جس کے بعد وہ ممبئی پولیس سے رجوع ہوئی اور نامعلوم دھوکہ بازوں کے خلاف شکایت درج کروائی جس کی بنیاد پر ممبئی کرائم برانچ کے سائبر پولیس اسٹیشن نے کیس کی تحقیقات شروع کر کے تاحال 31 بینک کھاتے منجمد کیے۔

ریٹرننگ آفیسر بیدر کا الیکشن عہدیداروں کے ساتھ تیاری جائزہ اجلاس

07-BIDAR PARLIAMENTARY GENERAL ELECTION-2024
ಚುನಾವಣಾಧಿಕಾರಿ
RETURNING OFFICER

بیدر۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر و ڈپٹی کمشنر گوبند ریڈی نے کہا کہ اگر بیدر لوک سبھا انتخابات کے لئے مقرر کردہ عہدیدار الیکشن کمیشن کے قواعد پر عمل کرتے ہیں تو انتخابات آسانی سے منعقد ہوں گے۔ انھوں نے چنا بسواپٹا ڈیوار ورنگ مندر میں سیکٹر آفیسرس اور اسمبلی لیول کے ماسٹر ٹرینرس کو ای وی ایم چلانے کی تربیت دی۔ سیکٹر افسران کی سطح پر کمیشننگ کی جائے اور 27، 28 اور 29/اپریل کو اس کی اطلاع مقامی سیاسی افراد کو دی جائے۔ انھوں نے کہا کہ تحصیلدار اور اے آر اوز کمیشننگ مکمل ہونے تک نہ جائیں اور اس معاملہ میں سی سی ٹی وی کوریج ہونی چاہئے۔ اگر انہیں کوئی مسئلہ ہے تو ہر اسمبلی حلقہ میں دو دو انجینئر ہیں، ان سے معلومات لیں۔ انھوں نے کہا کہ وی وی پیاٹ کام نہ کرنے پر اسے افقی طور پر رکھنا چاہئے۔ ریزرو مشین 1، 2، 3 لکھا جائے اور بڑے اسٹیکرز چسپاں کئے جائیں۔ سی سی ٹی وی کے ساتھ ساتھ ویڈیوگرافی بھی کی جائے اور انتخابی افسران اور عملہ شناختی کارڈ لازمی پہنیں۔ بیالٹ پیپر میں سیریل نمبر ہونا چاہئے اور وی پیاٹ ایک ہی مشین لگانے کے لئے کافی ہے۔ اگر کوئی مسئلہ ہو تو انجینئرس سے پوچھیں۔ سیکٹر آفیسرس کو 2، 3 اور 5 مئی کو تمام پولنگ بوتھوں کا دورہ کرنا چاہئے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ وہاں بنیادی سہولتوں کی جانچ کی جاسکے۔ ووٹر سلپس پولنگ سے 5 دن پہلے تقسیم کی جائیں۔ انھوں نے کہا کہ وہ انتخابی ڈیوٹی انجام دینے والے افسران اور عملہ کے لئے ناشتہ، دوپہر کا کھانے اور پانی کا انتظام کریں اور یہ ذمہ داری متعلقہ گرام پنچایت پی ڈی او کو دیں۔ اس پروگرام میں جنرل الیکشن آبزرور دیپانکر مہاپاترا، بیدر اسسٹنٹ کمشنر لاویش اورڈیا، الیکشن تحصیلدار انارا و پاٹل، سیکٹر آفیسرس اور اسمبلی سیکٹر آفیسرس ودیگر موجود تھے۔

رائے دہی بیداری مہم کے تحت تمام پولنگ بوتھس پر پرچم لہرایا جائے گا

بیدر۔26/اپریل (منصف نیوز بیورو) الیکشن کمیشن نے بیدر لوک سبھا عام انتخابات کے لئے 85 سال سے زیادہ عمر کے اور ذہنی طور پر معذور افراد کو گھر سے ووٹ ڈالنے کی اجازت دی ہے۔ ان ووٹرس کی تعداد 968 ہے۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر و ڈپٹی کمشنر گوبند ریڈی نے کہا کہ افسران کو رازداری برقرار رکھنی چاہئے۔ انھوں نے ڈپٹی کمشنر کے دفتر میں الیکشن کے لئے مقرر ضلع اور تعلقہ سطح کے عہدیداروں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس کی۔ پولنگ کے دن گھر گھر جاکر ووٹ ڈالنے کے دوران مائیکرو آبزرور، ویڈیوگرافر ان کے ساتھ ہوں اور عہدیداروں کو کمپیڈیم اے کو ساتھ لے کر جانا چاہئے تاکہ ووٹر خفیہ طور پر اپنا ووٹ ڈال سکیں۔ انھوں نے کہا کہ وہ بیالٹ پیپر کے ذریعہ ووٹ دیں گے۔ تمام سیاسی جماعتوں کو اس بارے میں پہلے ہی آگاہ کردیا گیا ہے۔ اے آر او کی طرف سے بیالٹ پیپرز وصول کرنے کے بعد، وہ ضلع خزانے میں جمع کرائے جاتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جن لوگوں نے 26/اپریل کو ووٹ نہیں دیا انہیں 29/اپریل کو ووٹ ڈالنے کا موقع دیا گیا ہے۔ ضلع پنچایت چیف اگزیکٹو آفیسرز اور ضلع ایس ڈبلیو ای ایف کمیٹی کے چیرمین ڈاکٹر گریش بدولے نے لوک سبھا انتخابات 2024 کے بارے میں بات کی تاکہ رائے دہندوں میں بیداری پیدا کی جاسکے۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا کی طرف سے تجویز کے مطابق الیکشن کے بارے میں بیداری پیدا کرنے ایک قومی تہوار کی طرح ’نام نادے ماتا گتے کٹرے‘ پروگرام کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ریاست کے تمام پولنگ بوتھ۔ بیدر لوک سبھا انتخابات کے موقع پر ووٹرس میں بیداری پیدا کرنے 28/اپریل سے پولنگ کے دن 7 مئی تک ہر پولنگ اسٹیشن پر پرچم لہرایا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ 28/اپریل کو تمام پولنگ بوتھس پر پرچم کشائی کے ساتھ ضلع میں سائیکل ریالی کا بھی اہتمام کیا جارہا ہے۔ اس ویڈیو ڈائیلاگ پروگرام میں انتخابی مبصرین دیپانکر مہاپاترا، بیدر اسسٹنٹ کمشنر لاویش اورڈیا، الیکشن تحصیلدار انارا و پاٹل، اے آر اوز، تحصیلدار، تالوک فیلڈ ایجوکیشن آفیسرس اور دیگر موجود تھے۔

حضرت خواجہ گیسودراز بندہ نوازؒ کی آج تقریب جھیلہ

کلبرگی۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) جناب عبدالباسط انچارج معتمد بارگاہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کے بموجب حضرت سیدنا خواجہ گیسو دراز بندہ نوازؒ کے جھیلہ مبارک کی تقریب ہفتہ 17 شوال کو منعقد ہوگی۔ جلوس جھیلہ محبوب گلشن سے برآمد ہوگا۔ بعد نماز عصر محفل سماع منعقد کی جائے گی۔ شام 6 بجے جلوس جھیلہ کی روانگی عمل میں لائی جائے گی۔ 9:30 بجے شب درگاہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ پر جلوس جھیلہ پہنچے گا۔ گنبد کے کلس پر جھیلہ چڑھانے کی رسم ادا کی جائے گی۔ 10 بجے شب محفل سماع ہوگی۔ محفل سماع کے اختتام پر صدر صوفہ حویلی، بڑی دیوڑھی میں درباری محفل کا انعقاد عمل میں لایا جائے گا اور آخر میں فاتحہ خوانی ہوگی۔

ڈاکٹر وہاب عندلیب کی آج تقریب رسم اجراء

کلبرگی۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) حلیمہ ایجوکیشنل اینڈ چیریٹیبل ٹرسٹ کے زیر اہتمام ادیب ڈاکٹر وہاب عندلیب کی تصنیف ”خیال ونظر“ کی تقریب رسم اجراء 27/اپریل کو 11:30 بجے دن لکچر ہال حلیمہ ایجوکیشنل اینڈ چیریٹیبل ٹرسٹ نور باغ منعقد ہوگی۔ پروفیسر محمد عبدالحمید اکبر صدارت کریں گے۔ کتاب کا اجراء بدست پروفیسر جلیل تنویر عمل میں آئے گا جبکہ جناب امجد جاوید اور جناب اسد علی انصاری مہمانان خصوصی ہوں گے۔ حکیم شاکر، حامد اکمل، ڈاکٹر اکرم نقاش، ڈاکٹر ماجد داغی، ڈاکٹر رفیق رہبر اور واجد اختر صدیقی اظہار خیال کریں گے۔ اجلاس کے بعد شعری نشست کا اہتمام کیا گیا ہے۔



چہلم
سید فاروق الدین
فاتحہ چہلم آج بتاریخ
27/4/2024ء
بروز ہفتہ قرآن خوانی بعد نماز عصر مسجد سالار جنگ ‘بہادر پورہ کمیلہ مقرر ہے اور بعد نماز مغرب تناول طعام کا انتظام بمقام گولڈن پیالیس فنکشن ہال بہادر پورہ حیدرآباد۔
منجانب: فرزند سید منہاج 9985539756

ضرورت رشتہ
آن لائن فری رشتے
فیض فری نکاح رہبر کوئی ایجنٹ نہیں کوئی سیٹلمنٹ چارج نہیں۔
7815990223,8247474031
R-3623

ضرورت رشتہ BUMS لڑکی
سنی مسلم BUMS لڑکی عمر 24 سال، قد 4'9 V.Fair کیلئے اسی مناسبت سے برسر روزگار دینی گھرانے سے تعلق رکھنے والے دیندار لڑکے سے رشتہ مطلوب ہے۔ لین دین والے حضرات زحمت نہ کریں۔
8019324608-9441459895
R-3747

ضرورت ہے
URGENT WANTED HELPERS/OPRTS
For Vishnu Medical Hall Charminar Req. Helpers & Computer Operators with Medical Experience age under 20-30 Yrs., Qualification No Limit. Ph: 9030105243
R-3665 Pista Ads

WANTED TEACHERS & LECTURERS
- Trained & Qualified Teachers for primary & High school All subjects also mother teacher PET, Skates, Islamiyath & computer coding Ph. 9395583628.
- Chemistry, Botany, Computer science, BBA, Mathematics, statistics, political Sci, Microbiology, Hindi, English, Urdu, Nutrition, Bio-Technology, Physics subjects with PG 55% min. marks percentage

ISLAMIA DEGREE & PG COLLEGE
SRT Colony, Yakutpura, Hyd
Call. 9347683872. Send Resume to:
meetislamiacollege@gmail.com
R-3748

WANTED MASTER
Wanted Professional Ladies Cutting Master Stitching workers and Magam Workers Top Notch Professional in Ladies Cutting Stitching and magam Works. Wanted. Competitive pay offered.
Cont:9346909989/9032909228
R-3744

متفرق اشتہارات
سب سے بہترین علاج Hijama
Dates:Apr:25,27,29,may:1,5,7,9
(8to5) Dr.Syed Asif Omeri,MD.EH
MPEC,Moghalpura (لیڈی فیزیشن دستیاب)
(G)9885650216,(L)9866742949
Fps Ads

مسجد بنانے کیلئے زمین کی خریدی میں تعاون کی اپیل
چادرگھاٹ مین روڈ پر 224 گز زمین خریدی گئی ہے اہل خیر حضرات سے گزارش ہے کہ اپنی طرف سے یا اپنے مرحومین کی طرف سے حسب استطاعت رقم یا ایک مصلی، ایک گز، ایک اسکوائر فٹ کی جگہ تعاون فرما کر ثواب جاریہ حاصل فرمائیں۔ 9010878805

☆☆☆☆☆
برائے فروخت
Plots For Sale(Urgent)
چندرائن گٹہ بنڈلہ گوڑہ ہاشم آباد میں 111 گز 222 گز 444 گز 327 گز کے رجسٹرڈ پلاٹس تمام ضروریات سے آراستہ فروخت شدنی ہے۔ ربط کریں۔
Ph:8121410548
R-3751

Plot For Sale
@ Shadnagar Farm Plots Adjacent to Village Per.Sq.yd, 3800/- Spot Registration. Offer Only 10 days.
8074704606
R-3701

Luxury Flat For Sale
3BHK Luxury Flat 1440 sft on 3rd floor with all facilities for sale near pillar no: 203 PVNR expressway near to D-Mart akbar hills upparpally.
8019950996
R-3725

PLOTS FOR SALE
BIBI NAGAR, BHONGIR Residential Gated Community Plots For Sale on 100 feet Road Near College, School, RRR, IT Hub, AIIMS, DTCP Approved, 100% Clear title, Spot Registration.
Rs.5000/perSq.yard. 9396677876.
Shah Ads R-3739

برائے فروخت شاندار کمرشیل پلاٹ
(1) لنگر حوض سے 120km کوڈنگل بس ڈپو سے راول پلی اور X-Road راول پلی سے صرف 7 منٹ کے فاصلے پر یادگیر (کرناٹک) مین ہائی وے روڈ پر شاندار لوکیشن میں 2300 گز کا کمرشیل پلاٹ فی گز صرف -/2650 روپے۔ (2) گیٹیڈ کمیونٹی شادنگر میں 200 گز کے پلاٹ فی گز -/7500 روپے
6300969289-8978315268
Ad-Track

PLOTS FOR SALE
JUST Rs: 5500/- PER SQYARD
NEAR: SHADNAGAR BUS DEPOT, CLOSE TO RESIDENTIAL AREA WITH INSTALMENTS FACILITIES CLEAR TITLE SPOT REGISTRATION
7680970056
(SOHAIB ADvt's)

FLAT FOR SALE
2BHK 1st Floor
Zohra Towers.
Chaderghat.
9848878615
R-2184

انتباہ: ”قارئین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی اشتہار پر عمل کرنے سے قبل مکمل طور پر موزوں مناسب تحقیقات کریں۔ اخبار ہذا دلہن / دولہا کے موقف‘ آمدنی وغیرہ کی تفصیلات کے تعلق سے مشتہرین کی جانب سے پیش کردہ ادعاجات اور بیانات کی تصدیق و توثیق نہیں کرتا ہے۔“ ”شریک زندگی کا انتخاب کرتے وقت ہر ایک شخص مستقبل میں ہونے والے اس کے نومولود میں کسی بھی نوعیت کی جنسی بدنظمی کی روک تھام کیلئے ”ہیملت اسکریننگ“ بھی کرا سکتا ہے۔“

قارئین ومشتہرین کیلئے اطلاع: ادارہ مشتہرین کو یہ واضح کرنا چاہتا ہے کہ شادی بیاہ‘ انتقال‘ گمشدہ ودیگر اشتہارات کیلئے مشتہرین کی جانب سے جو عبارت فراہم کی جاتی ہے‘ اخبار عین اسی عبارت کی اشاعت عمل میں لاتا ہے۔ جس کے لئے ادارہ کسی بھی طرح کا ذمہ دار نہیں ہے۔ (ادارہ)

تلنگانہ کے 17 حلقوں سے 1488 نامزدگیاں داخل

ملک کے سب سے بڑے حلقہ ملکاجگری سے 144 امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کیں

حیدرآباد۔26/اپریل (آئی اے این ایس) تلنگانہ کا ملکاجگری ملک کا سب سے بڑا لوک سبھا حلقہ ہے جہاں سے سب سے زیادہ 114 امیدواروں نے 177 پرچہ نامزدگیاں داخل کی ہیں۔ یہ حلقہ شہر حیدرآباد کے اطراف کے اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا کے مطابق تلنگانہ کے 17 لوک سبھا حلقوں سے جملہ 895 امیدواروں نے پرچہ نامزدگیاں داخل کی ہے۔ پرچہ نامزدگیوں کے ادخال کا جمعرات کو آخری دن تھا۔ آخری دن جملہ 348 امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کیں ان میں بیشتر آزاد امیدوار ہیں۔ تمام حلقہ جات لوک سبھا سے جملہ 1488 پرچہ نامزدگیاں وصول ہوئی ہیں ان میں کئی امیدواروں نے نامزدگی کے کئی سیٹ داخل کئے ہیں۔ چیف الیکٹورل آفیسر وکاس راج نے کہا کہ پرچہ نامزدگیوں کی تنقیح جمعہ کے روز کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پرچہ نامزدگیوں سے دستبرداری کی 29/اپریل آخری تاریخ ہے۔ جبکہ 13 مئی کو رائے دہی ہوگی۔ پرچہ نامزدگیاں داخل کرنے کے آخری دن 25/اپریل کو ملکاجگری حلقہ میں 63 امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کی ہیں۔ اس طرح سے جملہ 114 امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کی ہیں۔ شہر حیدرآباد کے نواحی اور اضلاع کے اطراف پھیلے ہوئے ایک اور حلقہ لوک سبھا چیوڑلہ سے آخری دن 66 امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کی ہیں، اس طرح اس حلقہ سے جملہ 88 امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کی ہیں۔ حلقہ پداپلی سے 63، حلقہ بھونگیر سے 61، حلقہ جات ورنگل اور حیدرآباد سے بالترتیب 58 اور 57 حلقہ سکندرآباد سے 57 امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کی ہیں۔ سب سے کم حلقہ عادل آباد سے 23 امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کی ہیں۔ محبوب نگر اور نظام آباد حلقہ جات سے 42 امیدواروں نے پرچہ نامزدگیاں داخل کی ہیں۔ ان میں بیشتر تعداد آزاد اور چھوٹی پارٹیوں کے امیدواروں کی ہے۔ تمام ہی حلقہ جات میں سہ رخی مقابلہ کا امکان ہے۔

ZURTASH®
JEWELLERS
GOLD & SILVER
ZAFFRAN MANDI GROUP
BIS
BIS HALLMARKED CERTIFIED SHOWROOM
YESTERDAY GOLD RATE
22K/916, HALLMARK JEWELLERY
₹66,600/- PER TOLA
20-6-616/1, Syed Ali Chabutra,
Charminar Road, Near Shah Ghouse Hotel,
Bside Bismillah Travels, Hyderabad -65
040 24387051, 9985107051

Metro
Fresh Stock for Ladies
Chappals & Sandals
Metro®
ONLY at ABIDS, STATION ROAD, Hyd
We have no branches.

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر کی شہر آمد۔ ایرپورٹ پر ریاستی گورنر رادھا کرشنن، وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر اور دیگر خیر مقدم کرتے ہوئے۔

ہندوستان، عالمی طاقت بننے کی راہ پر گامزن: دھنکر

تروپتی میں سنسکرت یونیورسٹی کے کانوکیشن سے نائب صدر جمہوریہ کا خطاب

تروپتی ۔26/اپریل (پی ٹی آئی) نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر نے جمعہ کے روز کہا کہ ہندوستان، عالمی طاقت بننے کی سمت گامزن ہے اور اس کے بڑھتے قدم کو روکنا مشکل ہے۔ نائب صدر جمہوریہ نے یہاں تروپتی میں نیشنل سنسکرت یونیورسٹی کے تیسرے کانوکیشن سے خطاب کرتے ہوئے یہ ریمارکس کئے ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو ایسے وقت میں گریجویٹ بننے کی مبارکباد دی جبکہ ہندوستان، تیزی کے ساتھ ترقی کر رہا ہے۔ اب آپ کو اس وسیع دنیا میں لمبی چھلانگ لگانی ہوگی۔ آپ لوگ خوش قسمت ہیں اس لئے آپ، ایسے وقت لمبی چھلانگ لگانے والے ہیں جب بھارت ترقی کی راہ پر آگے بڑھ رہا ہے اور بھارت کے اس عروج کو روکا نہیں جاسکتا۔ ہم عالمی طاقت بننے کی سمت چل پڑے ہیں۔ طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے یہ بات کہی۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم پر کمانڈ حاصل کریں۔ سخت محنت کریں اور سنسکرت کے بڑے اسکالر بنیں۔ سنسکرت کے تئیں طلبہ کی لگن، جستجو اور ان کی محنت کی ستائش کرتے ہوئے انہوں نے دعویٰ کیا کہ صرف سنسکرت ایسی زبان ہے جو مختلف علوم میں تکنیکی غلطیوں کے بغیر صد فیصد فٹ ہوسکتی ہے اور یہ زبان ٹکنالوجی میں استعمال کیلئے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اظہار خیال کیلئے سنسکرت میں ذو معنی الفاظ نہیں ملتے۔ سنسکرت کو ہندوستان کی کئی زبانوں کی ماں قرار دیتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہندوستان میں لسانی ارتقا میں سنسکرت کا اہم رول رہا ہے۔ سنسکرت کے کئی الفاظ جنوبی ایشیاء کی بیشتر زبانوں میں استعمال کئے جاتے ہیں۔

نائب صدر جمہوریہ دھنکر کی وینکٹیشورا مندر میں پوجا

تروپتی ۔26/اپریل (پی ٹی آئی) نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر نے جمعہ کے روز یہاں سری وینکٹیشورا مندر کا دورہ کیا ان کے ساتھ ان کی اہلیہ سودھیش دھنکر بھی تھیں۔ دونوں نے مندر میں پوجا کی۔ تروملا تروپتی دیواستھانم کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں بتایا کہ نائب صدر جمہوریہ کا یہ دورہ خالص مذہبی وروحانی پر مبنی تھا۔ مندر حکام نے نائب صدر جمہوریہ اور ان کی اہلیہ کو پرساد حوالہ کیا۔ تروملا تروپتی دیواستھانم کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں یہ بات بتائی گئی۔

SOCIAL MEDIA TEAM
MEET WITH
CHIEF MINISTER
چیف منسٹر اے ریونت ریڈی اپنے مکان پر سوشل میڈیا کی ٹیم سے خطاب کرتے ہوئے۔

ہریش راؤ مکتوب استعفیٰ کے ساتھ یادگار شہیداں پہونچ گئے

چیف منسٹر کا انتظار، بانڈ پیپر کی میعاد ختم، ریونت ریڈی کا ردعمل

حیدرآباد۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) بی آر ایس قائد و سدی پیٹ کے رکن اسمبلی ہریش راؤ آج چیف منسٹر ریونت ریڈی کے چیلنج کو قبول کرتے ہوئے اپنے مکتوب استعفیٰ کے ساتھ اسمبلی کے سامنے یادگار شہیداں تلنگانہ پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ ریونت، دیوتاؤں کے نام پر قسمیں کھا کر عوام کو دھوکہ دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کانگریس، عوام سے کئے گئے وعدوں پر عمل آوری کے لئے سنجیدہ ہیں تو چیف منسٹر کو چاہیے کہ وہ گن پارک آئیں۔ ہریش راو آج سابق وزیر ٹی سرینواس یادو، ایم ایل ایز کالیرو وینکٹیش، وویکا نند گوڈ اور ایم ایل سی شمبی پور راجو کے ساتھ اسمبلی کے سامنے گن پارک پہنچے۔ بعد ازاں انہوں نے شہداء تلنگانہ کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دونوں (ہریش راؤ اور چیف منسٹر) کے استعفیٰ کے کاغذات دانشوروں کے پاس رکھے جائیں گے۔ اگر حکومت کسانوں کے 2 لاکھ روپے قرض معافی اور چھ ضمانتوں کو 15 اگست تک نافذ کرتی ہے تو وہ، وعدہ کے مطابق تو اپنا استعفیٰ اسپیکر اسمبلی کے حوالے کر دیں گے۔ اگر حکومت اپنے وعدے پورے کرنے میں ناکام رہتی ہے تو ریونت ریڈی کو اپنا استعفیٰ گورنر کو دینا چاہیے۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹر استعفیٰ دینے کے لیے سامنے نہیں آتے ہیں تو یہ عوام کو دھوکہ دینے کے مترادف ہوگا جبکہ عوام سے کئے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنانا ان کا فرض ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کانگریس نے یہ کہتے ہوئے عوام کو دھوکہ دیا کہ وہ چھ ضمانتوں کو نافذ کرے گی۔ انہوں نے حکومت سے عوام کو دھوکہ دینے پر غیر مشروط معافی مانگنے کا مطالبہ کیا۔ قبل ازیں اپنی رہائش گاہ پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے وعدوں پر عمل نہ کرتے ہوئے عوام کو دھوکہ دیا ہے۔ غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بانڈ پیپر اور سونیا گاندھی کے نام ایک مکتوب تحریر کیا ہے۔ دوسری طرف ریونت ریڈی نے کہا کہ بانڈ پیپر کی میعاد ختم ہوگئی ہے اور وہ خدا کے نام پر قسم کھا رہے ہیں۔ ہریش راو نے کہا کہ ان کے ایم ایل اے رہنے سے عوام کو فائدہ ہو تو بہتر ہوگا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ 15 اگست تک قرض معافی اور 6 ضمانتوں پر عمل کیا جائے۔

بی آر ایس کا آج یوم تاسیس

پارٹی پرچم لہرانے کیڈر کو ہدایت

حیدرآباد۔26/اپریل (این ایس ایس) بی آر ایس کی 23 ویں یوم تاسیس جو 27/اپریل کو مقرر ہے، کے موقع پر پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے بی آر ایس کیڈر کو ہدایت دی کہ وہ اضلاع میں پارٹی کے دفاتر پر گلابی پرچم لہرائیں۔ اگرچیکہ ریاست میں پارلیمانی انتخابات کی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں اس کے باوجود اضلاع میں پارٹی کی یوم تاسیس تقاریب کا اہتمام بھی ضروری ہے۔

کانگریس دھوکہ باز پارٹی: کے سی آر

بی جے پی کا بھگوان کے نام پر ڈرامہ۔ محبوب نگر میں بی آر ایس سربراہ کا خطاب

بی آر ایس سربراہ کی بس یاترا، جڑچرلہ، اپن پلی پہنچی۔

حیدرآباد ۔ 26/اپریل (منصف نیوز بیورو) بی آر ایس سربراہ کے چندر شیکھر راؤ نے کانگریس کو دھوکہ باز پارٹی قرار دیا جس کا کام جھوٹے وعدے کرتے ہوئے عوام کا استحصال کرنا ہے۔ آج محبوب نگر، جڑچرلہ، اپن پلی ا میگونڈا میں پارٹی امیدواروں کے حق میں انتخابی مہم چلاتے ہوئے انہوں نے کہا کانگریس نے کسانوں سے وعدہ کیا تھا کہ رعیتو بھروسہ کے نام پر فی ایکڑ 15 ہزار روپے دیئے جائیں گے مگر اقتدار پر آنے کے پانچ ماہ گزر جانے کے باوجود 10 ہزار روپے بھی نہیں دیا ہے۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ مستقبل میں رعیتو بندھو کو ختم کیا جاسکتا ہے کے سی آر نے کہا ملرز سے کمیشن حاصل کرتے ہوئے اناج کی خریداری میں الٹ پھیر کیا گیا۔ بونس کی قیمت کو بوگس کر دیا گیا، کلیان لکشمی کے ساتھ فی تولہ سونا دینے کے وعدے کو فراموش کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کو کانگریس تباہ کر رہی ہے اور گزشتہ دس سالوں میں بی جے پی نے بھی ریاست کو نقصان پہونچانے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھی۔ انہوں نے بی جے پی پر تنقید کرتے ہوئے کہا گزشتہ دس سال میں تلنگانہ کو کچھ نہیں دیا گیا اب پارلیمنٹ انتخابات میں ووٹ حاصل کرنے کے لئے مگرمچھ کے آنسو بہا رہی ہے۔ کے سی آر نے بی جے پی اور کانگریس پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ دونوں پارٹیوں نے تلنگانہ کو دھوکہ دیا ہے اور بھگوان کے نام پر ڈرامہ کرتے ہوئے ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ کے سی آر نے واضح کیا کہ خدا نے تلنگانہ کے مفادات کے تحفظ کے لئے ہی انہیں پیدا کیا ہے اور جب تک وہ زندہ ہیں تلنگانہ میں مظالم کا مقابلہ کرتے رہیں گے۔ کے سی آر نے مزید کہا کہ بی جے پی کے دس سالہ دور حکومت میں ملک کے کسی بھی طبقہ کے ساتھ انصاف نہیں کیا گیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر آپ اب بی جے پی کو ووٹ دیتے ہیں تو آپ کو صبح سے ہی کھیتوں میں برقی میٹر لگوانے پڑیں گے۔ اس لیے وہ کسانوں سے اپیل کر رہے ہیں کہ وہ سوچ سمجھ کر ووٹ دیں۔ انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ سوچ سمجھ کر الیکشن میں ووٹ دیں۔ کے سی آر نے کہا کہ کانگریس پارٹی 1956 سے لے کر اب تک تلنگانہ کی دشمن رہی ہے اور ہم ان مظالم کو گزشتہ 58 سالوں سے بھگت رہے ہیں۔ اس تلنگانہ کو کسی بھی حالت میں کانگریس اور بی جے پی کے شکنجہ سے محفوظ رکھوں گا۔ میں نے 15 سال تک مسلسل لڑنے کے بعد مرکز کو جھکنے پر مجبور کرتے ہوئے تلنگانہ حاصل کیا ۔ مجھے جو ریاست ملی ہے میں اپنے عوام کی ایک ماں اور والد کی طرح حفاظت کرونگا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ تمام عوام کے مفادات کا تحفظ کرنا ہی میرا کام ہے اور میں مرتے دم تک اس فریضہ کو ادا کروں گا۔ انہوں نے غم و غصہ کا اظہار کیا کہ 135 طلبہ کو سمیت غذا کی شکایت پر ہاسپٹل میں داخل کرایا گیا، چار کی موت ہوگئی۔ انہوں نے عوام سے سوال کیا کہ ان کے خوابوں کا تلنگانہ اگر ان کی آنکھوں کے سامنے تباہ کیا جائے تو کیا وہ خاموش رہ سکتے ہیں؟۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ان کی جان ہے تب تک وہ عوام کے ساتھ رہیں گے۔

نتائج کے اعلان کے بعد سے انٹر کے 7 طلبہ کی خودکشی

